Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 جمعۃ المبارک، 7 مارچ 2025ء، 6 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 316

وزیراعلیٰ مریم نواز کا میو ہسپتال کا دورہ، بدانتظامی پر انتظامیہ کی سخت سرزنش

مریضوں، لواحقین کا سرنج، برنولا وغیرہ تک نہ ملنے، کارڈیالوجی وارڈ میں کیڑے مکوڑے پائے جانے کی شکایات پر وزیراعلیٰ مریم نواز کا اظہار برہمی

میڈیسن کے واجبات کی ادائیگی کیلئے فوری اقدامات کا حکم، ادویات کی 100 فیصد فراہمی، سیکرٹری ہیلتھ کو ذمہ داروں کا تعین کر کے کارروائی کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میو ہسپتال کے سی ای او، ایم ایس (سی او او) کو عوامی شکایات پر عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میو ہسپتال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مریضوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے سامنے ادویات نہ ملنے، گندگی اور دیگر امور کے بارے میں شکایات کے انبار لگا دیئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: عزت مآب جناب جسٹس یحییٰ آفریدی، چیف جسٹس آف پاکستان سپریم کورٹ آف پاکستان میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ملتان کے ساتھ گروپ فوٹو۔

بنگلا دیش سے 5 دہائیوں بعد تجارت بحال

پہلا پاکستانی جہاز چٹاگانگ بندرگاہ پر لنگر انداز ہو گیا

جہاز 26 ہزار ٹن چاول لے کر بنگلا دیش پہنچا، حکام نے استقبال کیا

اسلام آباد/ڈھاکہ (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان تجارت کا آغاز ہونے کے بعد ایک اور پیشرفت سامنے آئی ہے۔ 26 ہزار ٹن چاول کی کھیپ لے جانے والا پاکستانی کارگو پی این ایس سی کا جہاز 53 سال بعد چٹاگانگ کی بندرگاہ پر لنگر انداز ہو (بقیہ نمبر 2)

پاکستان گلوبل ٹیررازم انڈیکس میں دوسرے نمبر پر آ گیا

بی ایل اے 2024 میں پاکستان میں مہلک ترین دہشت گرد حملے کی ذمہ دار تھی، جو کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) گلوبل ٹیررازم انڈیکس 2025 میں پاکستان دوسرے نمبر پر پہنچ گیا جبکہ گزشتہ سال کے دوران دہشت گرد حملوں میں ہلاکتوں کی تعداد 45 فیصد اضافے کے ساتھ 1081 ہو گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 5)

بلوچستان سے 4 دہشتگرد گرفتار، دراندازی کے شواہد مل گئے

مختلف دہشت گرد تنظیموں کو افغان طالبان کی مکمل حمایت، سہولت کاری اور سرپرستی حاصل ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان میں آپریشن کے بعد 4 دہشت گرد گرفتار کر لیے گئے، افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کے مزید شواہد سامنے آ گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں پاک (بقیہ نمبر 4)

ٹیکس وصولی کا شارٹ فال پورا کرنے کیلئے منی بجٹ نہ لانے کا فیصلہ

شارٹ فال پورا کرنے کیلئے عدالتوں میں ٹیکس مقدمات جلد نمٹائے جائیں گے، آئی ایم ایف کو آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کی اگلی قسط کے لیے مذاکرات جاری ہیں۔ ذرائع ایم ایف، ایف بی آر اور بی کے مطابق قرض پروگرام کی اگلی قسط کے لیے مذاکرات میں آئی (بقیہ نمبر 3)

پاک فوج کے شہید حوالدار جان محمد کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

دہشت گردوں اور سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، آرمی چیف

صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، آرمی چیف عاصم منیر، کور کمانڈر کی طرف سے پھولوں کا گلدستہ پیش، نماز جنازہ میں جی او سی فور کور لاہور لیفٹننٹ جنرل سید فیاض حسین، ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او شیخوپورہ سمیت دیگر اعلیٰ حکام کی شرکت

دشمن عناصر کی ایما پر کام کرنے والے خوارج، ان کے سہولت کاروں کیخلاف جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی، کسی بھی ادارے کو پاکستان کے امن و استحکام میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جنرل عاصم منیر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج سمیت دہشت گرد گروہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں، دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال ثبوت ہے کہ افغانستان ایسے (بقیہ نمبر 12)

مریدکے (این این آئی) بنوں چھاؤنی میں دہشت گردوں کے ساتھ لڑتے ارض وطن کی خاطر جام شہادت حاصل کرنے والے پاک فوج کے حوالدار جان (بقیہ نمبر 13)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف محکمہ صحت سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سپریم کورٹ میں ارشد شریف قتل تحقیقات کیس پر سماعت (آج) ہو گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ارشد شریف قتل تحقیقات کیس پر سماعت (آج) جمعہ کو ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں ارشد (بقیہ نمبر 7)

کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی قیمت میں کمی

نیپرا نے بجلی کی قیمت میں کمی کے الگ الگ نوٹیفکیشنز جاری کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے ملک بھر کے بجلی کے صارفین کیلئے ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت میں کمی کر دی۔ نیپرا نے بجلی کے صارفین کو ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں قیمت میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق کراچی کے لیے (بقیہ نمبر 6)

گنڈاپور کو اسکی اپنی حکومت نے چارج شیٹ کر دیا، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ کے پی کے گنڈاپور کو اپنی کارکردگی والی کتاب میں اسلام آباد اور پنجاب پر ناکام بغاوتوں کا بھی ذکر کرنا چاہیے تھا

کے پی حکومت کا تعلیم کارڈ جو 2027 میں شروع ہونا ہے وہ بھی انکی سالانہ کارکردگی کا حصہ ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گنڈاپور کو اس کی اپنی ہی حکومت نے چارج شیٹ کر دیا ہے، جبکہ ان کی کارکردگی محض دو جرگوں اور چار ایپکس کمیٹی کے اجلاسوں تک محدود ہے، خیبر پختونخوا میں پشاور بی آر ٹی کے کرایوں میں بے تحاشہ اضافہ کیا گیا ہے، جو 110 روپے سے بڑھا کر 510 روپے کر دیا گیا جبکہ پنجاب میں الیکٹرک بس کا کرایہ صرف 20 روپے (بقیہ نمبر 14)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کر رہی ہیں

سمیڈا میں عالمی معیار کی ورک فورس بھرتی کی جائے، وزیراعظم

مارکیٹ کی سطح پر تنخواہیں مقرر کی جائیں، سمیڈا کا ہماری دیہی معیشت کی بڑھوتری میں اہم کردار ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے حوالے سے حکومت ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ایس ایم ایز میں ورکس فورس کی تربیت لازمی قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) میں عالمی معیار کی ورک فورس بھرتی کی جائے اور مارکیٹ کی سطح پر تنخواہیں مقرر کی جائیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 8)

36 عمرہ زائرین سے ویزا فراڈ کرنے والا ایجنٹ گرفتار

ملزم کی شناخت اقتدار علی عرف سونو کے نام سے ہوئی، 40 لاکھ کا فراڈ کیا

میرپورخاص (این این آئی) عمرے کے خواہشمند 36 زائرین سے ویزا فراڈ کرنے والے ایجنٹ کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان فیڈرل انویسٹیگیشن ایجنسی (ایف آئی (بقیہ نمبر 15)

مریدکے بنوں چھاؤنی میں دہشت گردوں کے ساتھ لڑتے شہید ہونے والے پاک فوج کے حوالدار جان محمد کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

سرکاری افسران کے اثاثہ جات ڈیکلیئر کرنے کیلئے ستمبر تک کی ڈیڈ لائن مقرر

آئی ایم ایف کے مطالبے پر اثاثے ڈیکلیئر کرنے کے لئے ڈیجیٹل پورٹل لانچ کیا جائے گا، ذرائع

وزارت خزانہ اور کابینہ ڈویژن کا سرکاری افسران کے اثاثوں کو ڈیکلیئر کرنے کا تیار ڈرافٹ آئی ایم ایف کو دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری افسران کے اثاثہ جات ڈیکلیئر کرنے کیلئے ستمبر تک کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مطالبے پر اثاثے ڈیکلیئر کرنے کیلئے ڈیجیٹل پورٹل لانچ کیا جائے گا، وزارت خزانہ اور کابینہ ڈویژن کا سرکاری افسران کے اثاثوں کو ڈیکلیئر کرنے کا تیار ڈرافٹ آئی ایم ایف کو دیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کیساتھ ریونیو شارٹ فال ختم کرنے کیلئے منی بجٹ نہ لانے پر اتفاق کیا گیا ہے، ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے سپر ٹیکس سے (بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف میو ہسپتال کے دورے کے دوران مریضوں اور ان کے لواحقین سے علاج معالجہ کی سہولیات بارے دریافت کر رہی ہیں

دانیہ شاہ اور حکیم شہزاد لوہا پاڑ کی گاڑی کو حادثہ، ایک جاں بحق

لودھراں (این این آئی) ٹک ٹاکر دانیہ شاہ اور ان کے شوہر ٹک ٹاکر اور حکیم شہزاد لوہا پاڑ کی کار شدید حادثے کا شکار ہو گئی، جس سے ایک شخص جاں بحق جب کہ خاتون زخمی ہو گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکیم شہزاد لوہا پاڑ اور ان کی اہلیہ دانیہ شاہ کار میں اپنی ٹیم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے کہ اس دوران ان کی گاڑی کی ٹکر موٹر سائیکل سے ہو گئی۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 9)

نگہبان رمضان پیکیج فی چیک دو سو روپے وصولی کرنے والا نوسرباز گرفتار

ساہیوال (این این آئی) نگہبان رمضان پروگرام سے فی چیک دو سو روپے لینے والا افراد یہ رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چک 57 بارہ ایل میں یونین کونسل کے سیکرٹری محمد اشرف نے چھاپہ مار کر ایک نوسرباز محمد عظیم کو قابو کر لیا۔ ملزم نگہبان رمضان پیکیج کے چیک لینے والوں (بقیہ نمبر 16)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف میو ہسپتال کے دورے کے دوران مریضوں اور ان کے لواحقین سے علاج معالجہ کی سہولیات بارے دریافت کر رہی ہیں

لاہور، برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی والا ملزم گرفتار

ملزم عطاء الرحمٰن پشاور سے لاہور منشیات سپلائی کرنے آیا تھا، 10 کلو چرس برآمد

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ نشتر کالونی پولیس نے برقعہ پوش منشیات (بقیہ نمبر 17)

پی آئی اے کی نیلامی میں خریدار کمپنیوں کی خواہش پر تبدیلیاں لانے کا فیصلہ

پی آئی اے کی نجکاری میں دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں کے تمام تحفظات دور کر دیئے ہیں، عبدالعلیم خان

یورپ کے بعد آئندہ تین ماہ میں برطانیہ کیلئے بھی پی آئی اے کی فلائٹس شروع ہو جائیں گی، وفاقی وزیر نجکاری کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری میں دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں کے تمام تحفظات دور کر دیئے گئے ہیں اور حکومت نے پی آئی اے کی فروخت کیلئے خواہش مند پارٹیوں کے مطابق تبدیلیاں لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جمعرات کو پی آئی اے کی نجکاری کے حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 10)

پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف کوئی ابہام نہیں

کہتے تھے ٹرمپ آئیں گے تو بانی پی ٹی آئی باہر آ جائیں گے، اب وہ ٹرمپ کی تعریف پر ناراض ہیں، رانا ثنا اللہ

حکومت نے کب ڈائیلاگ سے انکار کیا؟ ہم تو کہتے ہیں کہ کسی کو مسائل ہیں تو آئیں بیٹھ کر بات کریں، مشیر برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ہمیں خود کو ایک آزاد ملک کے طور پر کھڑا کرنا چاہیے، پہلے کچھ لوگ کہتے تھے کہ ٹرمپ آئیں گے تو بانی پی ٹی آئی باہر آ جائیں گے، بدقسمتی ہے ٹرمپ کی جانب سے تعریف پر ایک خوش تو ایک ناراض ہے، افغانستان میں موجودہ صورتحال کے ذمہ دار امریکہ اور مغربی ممالک ہیں، انہیں پاکستان کی پشت پر کھڑا ہونا (بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم سے وفاقی وزیر معین وٹو اور وزیر مملکت ملک رشید احمد کی ملاقات

شہباز شریف کی وفاقی کابینہ میں شمولیت پر معین وٹو اور ملک رشید کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر معین وٹو اور وزیر مملکت ملک رشید احمد نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی وسیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر معین وٹو (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا عملہ سائلین سے رشوت طلب کرتا ہے

ملوث سٹاف کیخلاف کارروائی کی جائے، جسٹس بابر ستار کا رجسٹرار کو خط

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں ججز تبادلے کے بعد ٹرانسفر ہو کر ساتھ آئے اسٹاف کی سائلین سے مبینہ رشوت وصولی کی شکایات سامنے آ گئیں، جسٹس بابر ستار کے سیکرٹری نے ان کی ہدایت پر شکایات کے ازالے اور انکوائری کیلئے (بقیہ نمبر 26)

لاہور محکمہ بہبود آبادی پنجاب کے زیر اہتمام یوتھ کانفرنس کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب اسمبلی کا اجلاس، سات مسودات قوانین متعارف کرائے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج (جمعہ) 11 بجے شروع ہو گا۔ اجلاس کی سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔ جس کے مطابق اجلاس میں محکمہ آبپاشی سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں پنجاب لوکل گورنمنٹ بل 2025 سمیت 7 مسودات قوانین متعارف کرائے جائیں گے۔

علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار

آڈیو لیک کے حوالے سے علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے آڈیو لیک کیس میں عدم پیشی کے باعث وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیک کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 19)

خیبر پختونخوا میں کارخانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کا فیصلہ، کمیٹی قائم

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں کارخانوں کو ایک بار پھر اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق محکمہ انڈسٹری خیبر پختونخوا نے 5 ممبران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی، کمیٹی 5 سالہ انڈسٹریل پالیسی تیار کرنے میں اپنی (بقیہ نمبر 20)

پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ رمضان سہولت بازار کے دورے کے موقع پر خریداروں سے قیمتوں اور معیار بارے دریافت کر رہی ہیں، ڈاعلی بھی ہمراہ ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ میں 10 سال بعد خاتون جج کی تقرری

لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان لاہور میں 1972 میں پیدا ہوئیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں تقریباً دس سال بعد خاتون جج کی تقرری کر دی گئی، جسٹس عبہر گل خان کی لاہور ہائیکورٹ میں بطور ایڈیشنل جج تقرری کے بعد خاتون ججز کی تعداد 2 ہو گئی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان لاہور میں 1972 میں پیدا ہوئیں، انہوں نے ابتدائی تعلیم کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے 1995 میں (بقیہ نمبر 21)

18 سالہ گھریلو ملازمہ پر پولیس کا انسانیت سوز و اخلاق باختہ تشدد

سرگودھا (این این آئی) کلورکوٹ میں 40 لاکھ مالیت کی گھڑی چوری کے مقدمہ میں ملوث 18 سالہ گھریلو ملازمہ کو گرفتار کر کے مرد پولیس اہلکاروں نے مبینہ طور پر برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنایا جس کے عدالت انکشاف پر عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 22)

چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پروگرام کے تحت یوتھ کانفرنس کا انعقاد

مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے یوتھ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبہ کی آبادی میں اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں کی شرکت اور اہمیت پر زور دیا ہے

حکومت پنجاب نوجوان سفیروں کا ایک نیٹ ورک قائم کر کے برادریوں میں خاندانی منصوبہ بندی کے مقصد کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہوں گے

یوتھ کانفرنس کے کلیدی مقاصد میں بیداری کیلئے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے

نوجوان ہمارے صوبے کا مستقبل ہیں، انہیں علم، مہارت اور رویوں سے بااختیار بنا کر مثبت تبدیلی کو تیزی سے آگے بڑھایا جا سکے گا

آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کے شعبے کے نامور ماہرین نے شرکاء کے ساتھ اپنی بصیرت اور تجربات کا اشتراک کیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) آبادی کے انتظام کے لیے نوجوان ذہنوں کو بااختیار بنانے کیلئے محکمہ بہبود آبادی پنجاب نے چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پروگرام کے تحت ایف سی سی کالج یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں یوتھ کانفرنس کا انعقاد کیا۔ محکمہ کی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت منعقد ہونے والی اس کانفرنس کا مقصد آبادی میں اضافے اور صوبے کے وسائل پر اس کے اثرات کے اہم مسئلے سے نمٹنے کے لیے نوجوان ذہنوں کو شامل کرنا مقصود ہے۔ مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے یوتھ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 11)

لاہور محکمہ بہبود آبادی پنجاب کے زیر اہتمام یوتھ کانفرنس کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاک بحریہ کے جہاز اصلت کی انڈونیشیا میں بحری مشق کموڈو 25 میں شرکت

مشق کموڈو-25 میں 38 ممالک کی بحری افواج نے حصہ لیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ کے جہاز اصلت نے انڈونیشیا میں کثیر القومی بحری مشق کموڈو 25 میں شرکت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز اصلت نے بیرون ملک تعیناتی کے دوران (بقیہ نمبر 27)

عیدالفطر پر کم از کم چھ چھٹیاں ہونے کا امکان

اس بار ماہ رمضان 29 دنوں کا ہو گا، عیدالفطر 31 مارچ کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) عیدالفطر پر اس بار چھ چھٹیاں ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رویت ہلال ریسرچ کونسل نے پیش گوئی کی ہے کہ اس بار ماہ رمضان 29 دنوں کا ہو گا اور عیدالفطر 31 مارچ کو منائی جائے گی۔ ماہرین فلکیات نے بتایا (بقیہ نمبر 28)

چین کے تعاون سے بلوچستان میں 15 ہزار سولر ہوم سسٹم تقسیم کرنے کا پروگرام شروع ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بجلی کی قلت پر قابو پانے کے لیے صوبائی حکومت نے چینی امدادی اداروں کی مالی معاونت سے 15 ہزار سولر ہوم سسٹم تقسیم کرنے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چائنا انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ کوآپریشن ایجنسی (سی آئی ڈی سی اے) اور ساتھ ساتھ (بقیہ نمبر 23)

لاہور، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد اور ٹرسٹی ہسپتال کے سی ای او پروفیسر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

مریم حکومت کے عوامی خدمات کا ایک سال

وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں ترقی کرتا پنجاب

تحریر: عائزہ خالد

مریم نواز شریف پاکستان کے سیاسی افق پر وہ نام ہے جس نے گزشتہ چند سالوں میں اپنی منفرد شناخت اور بھرپور سیاسی جدوجہد کے ذریعے نمایاں مقام حاصل کیا۔ بطور سابق وزیر اعظم نواز شریف کی صاحبزادی، مریم نواز کو ابتدا میں صرف اپنے خاندانی پس منظر کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنی سیاسی بصیرت، جارحانہ بیانیے اور عوامی رابطے کی صلاحیت سے خود کو ایک بھرپور سیاسی قوت کے طور پر منوایا۔

مریم نواز نے 2024 میں شروع کیے گئے لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت پہلے مرحلے میں 20 ہزار سے زائد طلبا کو لیپ ٹاپ تقسیم کیے

مریم نواز کی سیاست کا آغاز غیر روایتی انداز میں ہوا۔ انہیں سیاست میں قدم رکھتے ہی مشکلات، مقدمات اور جیل جیسے سخت حالات کا سامنا کرنا پڑا، لیکن ان تمام چیلنجز کے باوجود انہوں نے اپنی سیاسی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ عوامی جلسے ہوں یا میڈیا ٹاک، مریم نواز نے ہر فورم پر اپنی بات کھل کر رکھی اور اپنے ووٹرز کے جذبات کو زبان دی۔ 2023 کے انتخابات کے بعد جب مسلم لیگ (ن) کو پنجاب میں حکومت ملی تو مریم نواز کو پہلی بار براہ راست حکومتی عہدہ سنبھالنے کا موقع ملا۔ بطور وزیراعلی پنجاب مریم نواز سے عوام کی توقعات بھی بہت زیادہ تھیں کیونکہ وہ خود کو ہمیشہ "عوام کی آواز " کہتی آئی ہیں۔ ان کے سیاسی بیانیے اور وعدوں کی روشنی میں عوام کو امید تھی کہ وہ روایتی سیاست سے ہٹ کر حقیقی عوامی خدمت کا نیا باب رقم کریں گی۔

تعلیم کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہے، اور باصلاحیت نوجوان کسی بھی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہوتے ہیں۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے اپنے پہلے سال میں تعلیم کے فروغ کے لیے کئی اقدامات کیے، جن میں 40 ہزار ہونہار طلبا کے لیے اسکالرشپس۔ مریم نواز ہمیشہ سے تعلیم کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنے کی بات کرتی رہی ہیں۔ ان کے حالیہ فیصلوں سے یہ واضح ہوگیا کہ وہ پنجاب کے ذہین اور محنتی طلبا کو آگے بڑھنے کے مواقع دینا چاہتی ہیں۔ یہ اسکالرشپس نہ صرف مالی معاونت فراہم کریں گی بلکہ ذہین طلبا کی حوصلہ افزائی کا ذریعہ بھی بنیں گی، جو وسائل کی کمی کے باعث اعلی تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ہونہار طلبا کے لیے سکالرشپس اور لیپ ٹاپ اسکیم نمایاں ہیں۔ یہ اسکیم دراصل نواز شریف کے سابقہ ادوار میں بھی جاری رہی، مگر مریم نواز نے اسے جدید تقاضوں کے مطابق دوبارہ متعارف کروایا۔ مریم نواز کی اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم مہم پورے پنجاب میں پھیلی ہوئی ہے، تاہم ابتدائی مرحلے میں پنجاب کے 36 اضلاع میں سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبا کو یہ سہولت دی گئی۔ اب تک 40 ہزار سے زائد ہونہار طلبا کو سکالرشپس دی جا چکی ہیں، جن میں میٹرک، انٹرمیڈیٹ، گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن کے طلبا شامل ہیں۔ مریم نواز نے 2024 میں شروع کیے گئے لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت پہلے مرحلے میں 20 ہزار سے زائد طلبا کو لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ اس مہم کا دائرہ لاہور، راولپنڈی، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، بہاولپور، سیالکوٹ، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان سمیت تمام بڑے شہروں تک پھیلایا گیا۔ ان سکالرشپس اور لیپ ٹاپس کے لیے میرٹ کو بنیادی شرط رکھا گیا تاکہ حقیقی طور پر محنتی اور ہونہار طلبا اس سے مستفید ہوں۔ وزیراعلی کا یہ پروگرام 100 عرب تک بڑھانے کا علان تاکہ کوئی نوجوان بہکاوے میں نہ آئیں نہ کسی کا ایندھن بنیں۔

تعلیمی اداروں تک پہنچنے کے لیے سفری سہولیات کا فقدان پنجاب بھر میں ایک دیرینہ مسئلہ رہا ہے، خاص طور پر متوسط طبقے اور دیہی علاقوں کے طلبا کے لیے۔ پبلک ٹرانسپورٹ مہنگی اور غیر محفوظ تصور کی جاتی ہے، جبکہ پرائیویٹ ٹرانسپورٹ ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ایسے میں مریم نواز کا نوجوانوں کے لیے ای بائیکس اسکیم متعارف کروانا نوجوانوں کے لئے ایک بہت بڑی سہولت ثابت ہوئی۔ بائیکس میں روایتی پیٹرول بائیکس کے ساتھ ساتھ ای-بائیکس بھی شامل ہیں تاکہ ماحول دوست سواری کو فروغ دیا جاسکیبائیک ملنے سے طلبا کی حاضری بہتر ہوگی کیونکہ سفری مشکلات کم ہو جائیں گی۔ طلبا کو روزانہ پبلک ٹرانسپورٹ کے جھنجھٹ سے نجات ملے گی، اور سفری اخراجات میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ طالبات کے لیے ای-بائیکس ایک گیم چینجر ثابت ہوسکتی ہیں کیونکہ یہ محفوظ، سستی اور خودمختار سفری ذریعہ ہے۔

بائیکس میں روایتی پیٹرول بائیکس کے ساتھ ساتھ ای-بائیکس بھی شامل ہیں تاکہ ماحول دوست سواری کو فروغ دیا جاسکیبائیک ملنے سے طلبا کی حاضری بہتر ہوگی کیونکہ سفری مشکلات کم ہوجائیں گی

ای-بائیکس کے استعمال سے کاربن فٹ پرنٹ کم ہوگا اور پنجاب میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے اپنے پہلے سال میں عوامی فلاح و بہبود کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا، خاص طور پر شعبہ صحت میں متعدد اقدامات اٹھائے گئے جن کا مقصد عام شہریوں کو بہتر، معیاری اور مفت طبی سہولیات فراہم کرنا تھا۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں جہاں صحت کا شعبہ پہلے ہی زبوں حالی کا شکار ہے، دیہی اور دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے ہیلتھ موبائل یونٹس متعارف کروائے گئے۔ یہ جدید سہولت پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا جامع صوبائی منصوبہ ہے، جس کا مقصد ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو فوری اور محفوظ طبی امداد فراہم کرنا ہے۔ پنجاب میں روزانہ ہزاروں لوگ طبی سہولیات کے لیے دور دراز کے علاقوں سے بڑے شہروں کا رخ کرتے ہیں۔ خاص طور پر سنگین نوعیت کے مریضوں جیسے دل کے دورے، برین ہیمبرج، شدید ٹریفک حادثات یا زچگی کے پیچیدہ کیسز میں فوری اور محفوظ منتقلی نہ ہونے سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مریم نواز نے ایئر ایمبولینس سروس کا فیصلہ کیا تاکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے مریضوں کو بروقت ہسپتال پہنچایا جائے۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے شوگر کے پیدائشی مریض بچوں کے لیے ایک شاندار فلاحی منصوبے کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت ان بچوں کو مفت انسولین فراہم کی جائے گی۔ یہ اقدام پنجاب کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا جامع پروگرام ہے، جس کا مقصد ان معصوم بچوں اور ان کے والدین کو معاشی اور طبی سہولت فراہم کرنا ہے۔ پاکستان میں ذیابیطس (شوگر) ایک عام بیماری بن چکی ہے اور بدقسمتی سے یہ بیماری بچوں میں بھی تیزی سے پھیل رہی ہے۔ ٹائپ ون ذیابیطس پیدائشی طور پر لاحق ہو جاتی ہے، جس کے شکار بچوں کو روزانہ انسولین لینا لازمی ہوتا ہے۔ یہ علاج نہ صرف مہنگا ہے بلکہ عمر بھر جاری رہتا ہے، جس کی وجہ سے غریب اور متوسط طبقے کے لیے یہ ایک بڑا مالی بوجھ بن جاتا ہے۔ چیف منسٹر ڈائیلسز کارڈ کی منظوری سے فی مریض علاج کیلئے فنڈز 10 لاکھ تک بڑھا دیا ہے۔

وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے اقتدار سنبھالتے ہی کسانوں اور زراعت کے شعبے کو اپنی حکومت کی ترجیح بنایا ہے۔ پاکستان اور خاص طور پر پنجاب کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے، لیکن گزشتہ کئی سالوں سے کسان معاشی بدحالی اور جدید سہولیات کی کمی کا شکار ہے۔ بینکوں کے تعاون سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کسانوں کو آسان شرائط اور کم شرح سود پر قرضے فراہم کیے گئے تاکہ وہ اپنے کھیتوں میں جدید ٹیکنالوجی استعمال کرسکیں اور فصلوں کی پیداوار بڑھا سکیں۔ پانی کی کمی اور نہری نظام کے مسائل سے نمٹنے کے لیے مریم نواز نے ڈرپ اریگیشن اور اسمارٹ اریگیشن منصوبے شروع کیے۔ اس سے پانی کی بچت کے ساتھ ساتھ پیداوار میں اضافہ ممکن ہوگا۔ کسانوں کی آمدن بڑھانے کے لیے مریم نواز حکومت نے گندم، گنا اور چاول سمیت دیگر فصلوں کی سپورٹ پرائس میں خاطر خواہ اضافہ کیا، تاکہ کسانوں کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ مل سکے۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں زرعی تربیتی مراکز قائم کیے گئے، جہاں کسانوں کو جدید کاشتکاری کے طریقے، موسمی تبدیلیوں سے بچا، اور جدید مشینری کے استعمال کی تربیت دی جا رہی ہے۔ کسانوں کو براہ راست اپنی اجناس فروخت کرنے کے لیے کسان مارکیٹوں کا نیٹ ورک بنایا گیا ہے، تاکہ انہیں منڈی مافیا اور آڑھتیوں کے استحصال سے بچایا جا سکے اور براہ راست منافع ان کی جیب میں آئے۔ 5 لاکھ کاشتکاروں کو بلاسود قرضے ملیں گے۔ ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ پہلی فارم رہنمائی ایپ کا کا اجرا کیا۔



پنجاب خصوصا لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور دیگر بڑے شہر ہر سال سموگ کی سنگین لہر کی لپیٹ میں آ جاتے ہیں، جس سے شہریوں کی صحت اور روزمرہ زندگی شدید متاثر ہوتی ہے۔ آنکھوں کی جلن، سانس کی بیماریاں، دل کے امراض اور بچوں و بزرگوں کے لیے بڑھتے ہوئے خطرات نے سموگ کو ایک ماحولیاتی ایمرجنسی بنا دیا ہے۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے اس سنگین مسئلے کے دیرپا حل کے لیے ہنگامی اور عملی اقدامات کا آغاز کیا ہے، تاکہ پنجاب کو سموگ فری صوبہ بنایا جاسکے۔ موسم سرما کے آغاز سے قبل سموگ کنٹرول پلان تیار کر کے صوبے میں انوائرمنٹل ایمرجنسی نافذ کی گئی، اینٹوں کے بھٹوں کو زِگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کرنے کا عمل تیز کیا گیا تاکہ حکومت نے شہریوں کو سموگ کی صورتحال سے باخبر رکھنے کے لیے سموگ ایڈوائزری سسٹم متعارف کروایا، جس کے تحت روزانہ کی بنیاد پر ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) جاری کیا جاتا ہے اور شہریوں کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات میں نمایاں کمی آئی۔ شہریوں میں ماحول دوست عادات پیدا ہونے لگیں۔ فیکٹریوں اور صنعتوں میں جدید فلٹرز نصب ہونے لگے۔ الیکٹرک گاڑیوں کا رجحان بڑھا اور پبلک ٹرانسپورٹ کا معیار بہتر کیا۔

رہائش انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے، لیکن پاکستان خصوصا پنجاب میں کم آمدنی والے طبقے کے لیے اپنا گھر بنانا خواب سے کم نہیں۔ مہنگی زمین، تعمیراتی لاگت میں اضافہ اور مالی مشکلات نے عام شہریوں کو اپنی چھت سے محروم کر رکھا ہے۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے عام آدمی کا یہ خواب پورا کرنے کے لیے "اپنا گھر، اپنی چھت" منصوبے کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد کم آمدنی والے افراد اور مزدور طبقے کو آسان شرائط پر اپنے ذاتی گھر کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ اس اسکیم میں محنت کش طبقے کے لیے خصوصی کوٹہ رکھا گیا ہے، تاکہ دیہاڑی دار مزدور، رکشہ ڈرائیور، اور چھوٹے کاروباری افراد بھی اپنے ذاتی گھر کے مالک بن سکیں۔ مریم نواز نے خواتین سرپرستوں کے لیے خصوصی سہولیات کا اعلان کیا ہے، تاکہ بیوہ خواتین یا گھریلو سربراہ خواتین کو ترجیحی بنیادوں پر گھر دیا جاسکے۔ گھروں کی الاٹمنٹ کے لیے شفاف قرعہ اندازی کا طریقہ اپنایا گیا ہے، پورا عمل ڈیجیٹل سسٹم کے تحت مانیٹر کیا جارہا ہے تاکہ کسی قسم کی سفارش یا کرپشن نہ ہو۔ ہر اسکیم میں بنیادی سہولیات جیسے پانی، بجلی، گیس، سیوریج، اسکول اور طبی مراکز شامل کیے جا رہے ہیں، تاکہ لوگوں کو معیاری رہائشی ماحول فراہم ہو۔ اپنا گھر، اپنی چھت منصوبے کا اعلان ہوتے ہی پنجاب بھر میں زبردست پذیرائی ملی۔ 1 لاکھ گھروں کے لئے جامع پلان طلب ہر ضلع میں کم آمدنی والوں کے لئے 3 ہزار گھر بنائے جائیں گے۔

وزیر اعلی مریم نواز نے خواتین اور خاص طور پر بیٹیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک منفرد اور تاریخی منصوبہ پنجاب دھی رانی پروگرام کے نام سے متعارف کرایا۔ یہ پروگرام پنجاب کی بیٹیوں کو تعلیم، صحت، تحفظ اور خود مختاری جیسے اہم شعبوں میں معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد صرف خواتین کو با اختیار بنانا نہیں بلکہ انہیں سماجی، تعلیمی اور معاشی ترقی میں برابر کا شریک بنانا ہے۔ پنجاب بھر میں ہیلتھ اسکریننگ کیمپس لگائے جا رہے ہیں تاکہ لڑکیوں کو مفت میڈیکل چیک اپ اور بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ماہواری صحت (Menstrual Hygiene) کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔ خواتین کے لیے ہیلپ لائن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں بچیاں اور خواتین اپنی شکایات درج کروا سکتی ہیں۔ گھریلو تشدد، جنسی ہراسانی اور کم عمری کی شادی جیسے مسائل پر فوری قانونی مدد فراہم کرنے کا نظام بنایا گیا ہے۔ تحفظ مراکز (Protection Centres) کا جال بچھایا جا رہا ہے جہاں ضرورت مند خواتین کو پناہ اور قانونی معاونت دی جائے گی۔ پنجاب حکومت نے اس پروگرام کے تحت سہولت کار مراکز قائم کیے ہیں جہاں مستحق بچیوں کی سادگی سے شادی کے انتظامات کیے جائیں گے اور انہیں جہیز کے بجائے تعلیم اور ہنر کا تحفہ دیا جائے گا۔ عید اور خاص مواقع پر غریب بچیوں کو خصوصی عید گفٹ پیک اور مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے اس پروگرام کی وجہ سے عوام میں بیداری پیدا ہو گی۔ کم عمر بچیوں کے اسکول چھوڑنے کی شرح کم ہو گی۔ بچیوں میں غذائی قلت اور صحت کے مسائل کم ہوں گے۔ سکلو ٹریننگ کے ذریعے لڑکیوں کو اپنے قدموں پر کھڑا ہونے کا موقع ملے گا۔ تشدد اور ہراسگی کے شکار بچیوں کو فوری تحفظ اور انصاف ملے گا۔ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب کا پہلا سال ترقی اور عوامی خدمت کی مثال بن چکا ہے۔ اگر یہی رفتار اور خلوص برقرار رہا تو آنے والے سالوں میں پنجاب نہ صرف ترقی یافتہ صوبہ بنے گا بلکہ عوامی خوشحالی کا حقیقی ماڈل بھی بنے گا۔ مریم نواز کا یہ پہلا سال عوامی فلاح اور عملی خدمت کی وہ روشن مثال ہے جسے تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

مریم نواز کا یہ پہلا سال عوامی فلاح اور عملی خدمت کی وہ روشن مثال ہے جسے تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بقیہ 1

شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے میو ہسپتال انتظامیہ کی سخت سرزنش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مخلوق رل رہی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں۔ کیا اللہ کو جواب نہیں دینا، میو ہسپتال کے حالات بہت برے ہیں۔ لوگ ہسپتال میں علاج کی توقع اور امید لیکر آتے ہیں۔ کس وارڈ میں کیا ہو رہا ہے، ہسپتال انتظامیہ کو علم ہی نہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جو عوام کے ساتھ ہو رہا ہے ذمہ داروں کے اپنوں کے ساتھ ہو تو پتہ چلے۔ کسی کی بدانتظامی کی سزا عوام کو کیوں ملے۔ میو ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور لواحقین نے سرنج، برنولا وغیرہ تک نہ ملنے اور کارڈیالوجی وارڈ میں کیڑے مکوڑے پائے جانے اور دیگر شکایات پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے رک کر انتظار گاہ اور راستے میں کھڑے مریضوں اور لواحقین کی شکایات سنیں۔ ایک معصوم بچی نے بتایا کہ ماں بیمار ہے، رات بھر دوائیوں کیلئے بھاگ کر تھک گئی ہوں، معصوم بچی کی بات سن کر وزیراعلیٰ مریم نواز نے میو ہسپتال انتظامیہ شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دورہ کے دوران ہی میو ہسپتال میں ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ میو ہسپتال کے امور کے بارے میں تفصیلی انکوائری کی اور تمام ذمہ داروں سے جواب طلب کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میڈیسن کے واجبات کی ادائیگی کے لئے فوری اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میو ہسپتال میں ادویات کی 100 فیصد فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور سیکرٹری ہیلتھ کو ذمہ داروں کی تعین کر کے کارروائی کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میو ہسپتال کی تعمیر و مرمت کا جامع پلان طلب کرلیا۔

بقیہ 2

گیا۔ پاکستانی جہاز ایم وی سی بنگلا دیش کی بندرگاہ پہنچا جس کے بعد براہ راست تجارت اور رابطے 5 دہائیوں بعد بحال ہوگئے۔ بنگلادیش پہنچنے پر پاکستانی بحری جہاز کا پرتپاک استقبال کیا گیا، بنگلہ دیش کی وزارت خوراک کے اعلیٰ حکام اور بنگلہ دیش میں پاکستانی سفارت خانے کے ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ اتاشی زین عزیز نے استقبال کیا۔ جہاز کے برتھ پر لنگرانداز ڈسچارجنگ شروع ہوگئی۔

بقیہ 3

آئی ایس پی حکام شریک ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہیکہ ایف بی آر نے آئی ایم ایف کو 605 ارب روپیکا ٹیکس شارٹ فال پورا کرنیکے پلان سے آگاہ کردیا جس میں بتایا گیا ہے کہ ٹیکس وصولی کا شارٹ فال پورا کرنے کے لیے کوئی منی بجٹ نہیں آئے گا۔ ذرائع کے مطابق شارٹ فال پورا کرنے کیلئے عدالتوں میں ٹیکس مقدمات جلد نمٹائے جائیں گے اور حکومت نے عدالتوں میں زیر سماعت ٹیکس کیسز میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرادی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے چیف جسٹس پاکستان نے بھی ٹیکس کیسز کی سماعت جلد کرانیکی درخواست منظور کرلی ہے۔

بقیہ 4

افغان سرحد کے قریبی علاقے توبہ کاکڑی میں آپریشن کے دوران 4 دہشت گردوں کو گرفتار کیا، جن سے تفتیش میں افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کے مزید شواہد سامنے آئے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ 5 مارچ 2025 کو گرفتار کیے گئے دہشت گردوں سے کلاشنکوفیں، دستی بم اور دیگر آتشیں اسلحہ برآمد ہوا، گرفتار دہشت گردوں نے دہشت گردی کی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کا اعتراف کر لیا۔ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے میں بتدریج اضافہ ہوا ہے، افغانستان سے دہشت گردوں کی پاکستان میں دراندازی بڑھنے لگی ہے۔ ذرائع کے مطابق مختلف دہشت گرد تنظیموں کو افغان طالبان کی مکمل حمایت، سہولت کاری اور سرپرستی حاصل ہے۔ ایک گرفتار دہشت گرد نے اعترافی بیان میں کہا کہ میرا نام اسام الدین ہے، والد کا نام گل شاد ہے، میں افغانستان سے آیا ہوں، ہمارا نظریہ ہماری ٹریننگ ہے، میرے پاس دو بندوقیں، دو کلاشنکوف، ایک دستی بم اور دیگر اسلحہ موجود تھا، ہم افغانستان سے 3 دن پہلے پاکستان میں داخل ہوئے، ہم سرحدی باڑ کے ذریعے رات میں چوری سے پاکستان میں داخل ہوئے۔ دہشت گرد اسام الدین نے بتایا کہ ہم نے آگے پشین جانا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف اس آپریشن کی کامیابی میں مقامی لوگوں نے اہم کردار ادا کیا، گرفتار دہشت گردوں کو مزید تفتیش کے لیے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پہلے بھی کئی افغان دہشت گرد سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں جہنم واصل ہو چکے ہیں، ہلاک افغان دہشت گردوں میں افغان صوبے باغدلیس کے گورنر کا بیٹا خارجی بدرالدین بھی شامل تھا۔ 28 فروری 2025 کو ہلاک ہونے والا افغان دہشت گرد مجیب الرحمٰن افغانستان کی حضرت معاذ بن جبل نیشنل ملٹری اکیڈمی میں کمانڈر تھا۔ دفاعی ماہرین کے مطابق مقامی لوگوں کا دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ لڑنا خوش آئند ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی لہر میں اضافے کی بنیادی وجہ افغانستان کی سرزمین پر پنپتی دہشت گرد تنظیمیں ہیں، افغانستان دہشت گردوں کی آماجگاہ بن چکا ہے، جس پر بین الاقوامی سطح پر فوری کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق دہشت گردوں کے ساتھ پاکستان میں گھسنے والے زیادہ تر افغان شہری یا تو مارے جاتے ہیں یا پکڑے جاتے ہیں، پاکستان کے بار بار شواہد دینے کے باوجود افغان عبوری حکومت کی خاموشی دراصل دہشت گردوں کی حمایت ہے۔

بقیہ 5

میڈیا رپورٹ کے مطابق انسٹی ٹیوٹ فار اکنامکس اینڈ پیس (آئی ای پی) کی جانب سے شائع کردہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس 2025 میں گزشتہ 17 برسوں کے دوران دہشت گردی کے اہم رجحانات اور نمونوں کا جامع خلاصہ فراہم کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں دہشت گردی کے اثرات کے لحاظ سے 163 ممالک (دنیا کی آبادی کا 99.7 فیصد) کی درجہ بندی کی گئی ہے، ان اشاریوں میں دہشت گردی کے واقعات، ہلاکتوں، زخمیوں اور یرغمالیوں کی تعداد شامل ہے۔ یہ مسلسل پانچواں سال ہے جس میں دہشت گردی سے متعلق اموات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور پاکستان کے لیے گزشتہ دہائی میں سال یہ سال سب سے بڑا اضافہ ہوا ہے، یہ رجحان دہشت گرد حملوں کی تعداد میں اضافے سے ظاہر ہوتا ہے جو 2023 میں 517 سے بڑھ کر 2024 میں 1099 ہوگیا ہے، یہ پہلا سال ہے جب انڈیکس کے آغاز کے بعد سے حملوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ گزشتہ روز جاری ہونے والے 12 ویں سالانہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس (جی ٹی آئی) کے مطابق دہشت گرد حملے ریکارڈ کرنے والے ممالک کی تعداد 58 سے بڑھ کر 66 ہوگئی ہے۔ اس سے تقریباً ایک دہائی کی بہتری الٹ گئی ہے، جس میں 45 ممالک کی حالت بگڑ رہی ہے اور 34 میں بہتری آئی ہے، 4 مہلک ترین دہشت گرد گروہوں نے 2024 میں تشدد میں اضافہ کیا، جس سے ہلاکتیں 11 فیصد بڑھیں، مغرب میں اب انفرادی دہشت گرد حملوں کا غلبہ ہے جو گزشتہ 5 برسوں کے دوران ہونے والے مہلک حملوں کا 93 فیصد ہے۔ غزہ تنازع نے مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کو بڑھا دیا ہے اور مغرب میں نفرت پر مبنی جرائم کو ہوا دے رہا ہے جبکہ ایران میں دہشت گردی سے ہلاکتوں میں اضافہ ہوا ہے، 2024 میں عالمی دہشت گردی میں ہلاکتوں کا سلسلہ جاری رہا، دہشت گردی سے سب سے زیادہ ہلاکتیں برکینا فاسو، پاکستان اور شام میں ہوئیں، برکینا فاسو دنیا بھر میں ہونے والی اموات کا پانچواں حصہ ہے۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) تیزی سے بڑھتا ہوا دہشت گرد گروہ بن کر ابھرا ہے اور ہلاکتوں میں 90 فیصد اضافے کا سبب بنا ہے، کالعدم ٹی ٹی پی دوسرے سال بھی پاکستان کی مہلک ترین دہشت گرد تنظیم بنی ہوئی ہے، یہ 2024 میں پاکستان میں 52 فیصد اموات کی ذمہ دار تھی۔ گزشتہ سال ٹی ٹی پی نے 482 حملے کیے جن کے نتیجے میں 558 ہلاکتیں ہوئیں جو گزشتہ سال کے 293 ہلاکتوں کے مقابلے میں 91 فیصد زیادہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ افغانستان میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، افغانستان سے سرگرم دہشت گرد گروہوں نے بالخصوص پاک۔افغان سرحد پر اپنے حملوں میں اضافہ کردیا ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے صوبے سب سے زیادہ متاثرہ علاقے ہیں، 2024 میں پاکستان میں ہونے والے 96 فیصد سے زائد دہشت گردی کے حملے اور ہلاکتیں مغربی سرحدی علاقوں میں ہوئیں۔ افغانستان میں طالبان کی اقتدار میں واپسی کے بعد سے ٹی ٹی پی نے آپریشنل آزادی اور سرحد پار محفوظ پناہ گاہوں تک رسائی میں اضافے کا فائدہ اٹھایا ہے، طالبان کی اقتدار میں واپسی نے کالعدم ٹی ٹی پی کو زیادہ سے زیادہ استثنٰی کے ساتھ حملوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کرنے کی اجازت دی ہے۔ ٹی ٹی پی ریاستی اختیار کو کمزور کرنے اور فوجی کارروائیوں میں خلل ڈالنے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور بنیادی ڈھانچے کو مسلسل نشانہ بنارہی ہے، اس کے جواب میں حکومت پاکستان نے آپریشن 'عزم استحکام' جیسے انسداد دہشت گردی اقدامات متعارف کرائے ہیں۔ بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) 2024 میں پاکستان میں مہلک ترین دہشت گرد حملے کی ذمہ دار تھی، جب بلوچستان کے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ایک خودکش بمبار نے کم ازکم 25 شہریوں اور فوجیوں کو شہید کر دیا تھا۔ بی ایل اے اور بلوچستان لبریشن فرنٹ (بی ایل ایف) جیسے بلوچ عسکریت پسند گروہ پاکستان کے اندر جاری عدم استحکام کا فائدہ اٹھا رہے ہیں، ان گروہوں کے حملے 2023 میں 116 سے بڑھ کر 2024 میں 504 ہوگئے ہیں جبکہ اموات کی تعداد چار گنا بڑھ کر 388 ہوگئی جو گزشتہ سال 88 تھی۔ مزید برآں، بلوچ عسکریت پسند گروہوں کی سرگرمیوں میں اضافے نے 2024 میں پاکستان میں دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی سطح میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، بی ایل اے نے وسائل نکالنے سے متعلق حکومتی پالیسیوں کی کھل کر مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کا استحصال مقامی آبادی کے لیے مساوی ترقی یا معاوضے کے بغیر کیا جارہا ہے۔ گروپ نے غیر ملکی سرمایہ کاری، خاص طور پر چین۔پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت چینی اقدامات کو بھی نشانہ بنایا ہے، جس کے بارے میں اس کا دعویٰ ہے کہ وہ بلوچ عوام کو پسماندہ رکھ رہا ہے۔

بقیہ 6

بجلی کی قیمت میں 3 روپے فی یونٹ کی کمی کردی گئی ہے۔ کراچی کے علاوہ ملک کے دیگر صارفین کیلئے بجلی 2 روپے 12 پیسے فی یونٹ سستی کردی گئی ہے۔ نیپرا نے ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی کی قیمت میں کمی کے الگ الگ نوٹیفکیشنز جاری کردیے ہیں اور کہا گیا ہے کہ صارفین کو کمی کا ریلیف مارچ کے بلوں میں ملے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کے الیکٹرک کیلئے بجلی دسمبر 2024 کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں سستی کی گئی اور ملک کے دیگر صارفین کیلئے جنوری 2025 کی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی کی قیمت میں کمی کی گئی ہے۔

بقیہ 7

شریف قتل تحقیقات کیس سماعت کیلئے مقرر ہو گیا۔ جسٹس امین الدین خان سربراہی میں 6 رکنی بینچ (آج) جمعہ کو سماعت کرے گا، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر بینچ میں شامل ہوں گے۔ جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس شاہد بلال بھی بینچ کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ 8

اتھارٹی کی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا جہاں شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے حوالے سے حکومت ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے سمیڈا میں مارکیٹ سے نئی ہنرمند افرادی قوت بھرتی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شفاف طریقہ کار اپناتے ہوئے سمیڈا میں بین الاقوامی معیار کی ورک فورس کو بھرتی کیا جائے جن کی تنخواہ مارکیٹ ریٹس کے مطابق ہو، ایس ایم ای شعبے کے لیے لیبر کی پیشہ ورانہ تربیت انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمیڈا کا ہماری دیہی معیشت کی بڑھوتری میں اہم کردار ہے، تمام دیہی آبادی بشمول دیہی خواتین کو سمیڈا کے بلاسود قرض پروگرام سے مستفید کرنے کے لیے لائحہ عمل بنایا جائے۔ وزیراعظم نے وفاقی سطح پر پیشہ ورانہ تربیت کے تمام اداروں کو ایک ادارے میں ضم کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو سمیڈا میں جاری اصلاحات پر بریفنگ بھی دی گئی اور بتایا گیا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر مائیکرو انٹرپرائز کو ایس ایم ای سیکٹر کا حصہ بنادیا گیا اور اس حوالے سے جامع پالیسی بنائی جارہی ہے۔

بقیہ 9

میں حکیم شہزاد لوہا پاڑ نے دعویٰ کیا کہ نگران کی گاڑی نے نہیں بلکہ موٹر سائیکل نے ماری جو کہ تیز رفتاری سے غلط سائیڈ سے آ رہی تھی۔ ان کے مطابق حادثہ 4 مارچ کو لودھراں کے قریب پیش آیا جس سے ان کی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا اور انہیں بھی سر پر چوٹ لگی، جس سے وہ بیہوش ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ گاڑی ان کے ڈرائیور چلا رہے تھے جب کہ کار میں ان کے کیمرامین اور دوسرے ملازم بھی سوار تھے، ان کی اہلیہ دانیہ شاہ بھی ان کے ساتھ موجود تھیں۔ ان کے مطابق موٹر سائیکل سوار غلط سائیڈ سے تیز رفتاری سے آئے اور ان کی کار سے ٹکرا گئے، موٹر سائیکل پر میاں اور بیوی سوار تھے۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے کے بعد زخمیوں کو ان کے ملازمین نے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں کچھ گھنٹوں بعد مرد جاں بحق ہوگیا جب کہ خاتون کی صحت خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ 10

نجکاری نے کہا کہ پی آئی اے کی پرائیویٹائزیشن کو زیادہ سے زیادہ پرکشش بنانے کیلئے نیا لائحہ عمل دے رہے ہیں اور امید ہے کہ آئندہ تین ماہ میں اس نجکاری کے تمام مراحل طے کرلیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ پی آئی اے کی پرائیویٹائزیشن کے عمل میں انویسٹرز کی طرف سے بہت بہتر اظہار دلچسپی آنے کی توقع ہے کیونکہ یورپ کیلئے پی آئی اے کی فلائٹس کے آغاز سے نجکاری کا ماحول مزید سازگار ہوگا، حالیہ اقدامات کے باعث یہ قومی ادارہ دوبارہ منافع بخش ہونے جا رہا ہے۔ عبدالعلیم نے بتایا کہ یورپ کے بعد آئندہ تین ماہ میں برطانیہ کیلئے بھی پی آئی اے کی فلائٹس شروع ہونے جارہی ہیں، 24 کروڑ پاکستانیوں کی اولین ترجیح پی آئی اے سے سفر کرنا ہے، اسی طرح یورپ اور برطانیہ کے بعد اگلے مرحلے میں امریکا اور مشرق بعید کیلئے فلائٹس کھولی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ مثبت اقدامات کے ساتھ پی آئی اے کی ساکھ کو بحال کر کے اس ادارے کو واپس اپنے عروج پر پہنچائیں گے۔ وفاقی وزیر نجکاری نے کہا کہ اس امر میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان انٹرنیشنل ائیرلائنز کے ادارے میں آج بھی اتنا دم خم موجود ہے کہ اسے دوبارہ منافع بخش بنایا جا سکے۔ انہوں نے پی آئی اے کی نجکاری کو پہلے سے کہیں بہتر اور قابل عمل ہونے کی توقع کا اظہار کیا جس سے پرائیویٹائزیشن کے عمل پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 11

وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبہ کی آبادی میں اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں کی شرکت اور اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا نوجوان ہمارے صوبے کا مستقبل ہیں، اور یہ ضروری ہے کہ ہم انہیں علم، مہارت اور رویوں سے بااختیار بنائیں تاکہ مثبت تبدیلی کو تیزی سے آگے بڑھایا جا سکے۔ اس کانفرنس کے ذریعے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کی کوششوں میں شامل کرنے کے لیے ایک وسیع تر اقدام کا آغاز کیا گیا ہے۔ حکومت پنجاب نوجوان سفیروں کا ایک نیٹ ورک قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو اپنی برادریوں میں آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کے مقصد کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہونگے۔ اس یوتھ کانفرنس کے کلیدی مقاصد میں بیداری کیلئے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا، نوجوانوں کو ان کی کمیونٹیز میں تبدیلی کے ایجنٹ بننے کے لیے ضروری علم، ہنر اور رویوں سے آراستہ کرنا ہے۔ نوجوانوں کو آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کی کوششوں میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا شامل ہے۔ آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کے شعبے کے نامور ماہرین نے شرکاء کے ساتھ اپنی بصیرت اور تجربات کا اشتراک کیا۔ اس موقع پر نوجوانوں نے آبادی میں اضافے سے نمٹنے اور خاندانی منصوبہ بندی کو فروغ دینے کے لیے اپنے اختراعی منصوبوں اور خیالات بارے آگاہی بھی دی۔ شرکاء نے آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی میں پیش آنے والے چیلنجوں اور مواقع پر مباحثے پیش کیے۔

بقیہ 12

عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بنوں کا دورہ کیا، کور کمانڈر پشاور نے استقبال کیا، آرمی چیف کو جاری آپریشنز اور علاقے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے سی ایم ایچ بنوں میں زخمی فوجیوں کی خیریت دریافت کی، آرمی چیف نے فوجیوں کے بلند حوصلے اور ثابت قدمی کو سراہا اور بنوں کینٹ دہشت گردی میں جانیں گنوانے والے شہریوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بنوں میں فوجی جوانوں سے خطاب کیا اور حملہ آوروں کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں فوجیوں کے بہادرانہ اقدامات کو سراہا۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاک فوج ریاست کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنانے کے لیے دہشت گردی کے خلاف کردار ادا کرتی رہے گی، واقعہ کے مجرموں کو بہادر فوجیوں نے فوری طور پر بے اثر کردیا۔ سپہ سالار نے کہا کہ گھناؤنے حملے کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، شہریوں کو نشانہ بنانے سے اسلام دشمن خوارج کے حقیقی عزائم بے نقاب ہوگئے۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی اتحاد ناگزیر ہے، افواج پاکستان عوام کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی۔ آرمی چیف نے کہا کہ فتنہ الخوارج سمیت دہشت گرد گروہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں، دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال ثبوت ہے کہ افغانستان ایسے عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا ہے۔

بقیہ 13

محمد کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ جامعہ سیفیہ ریاپورہ مریدکے میں ادا کی گئی جس میں جی او سی فور کور لاہور لیفٹننٹ جنرل سید فیاض حسین، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ سمیت دیگر اعلی فوجی، مختلف محکمہ جات کے افسران، عام شہریوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کے وقت عام شہریوں کی طرف سے پاک فوج کے شہداء غازیوں سے زبردست اظہار یکجہتی کرتے ہوئے پاک فوج زندہ باد شہدا پاک فوج زندہ باد پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔ پاک فوج کے اعلیٰ افسران نے شہید جان محمد کے والد بھائیوں دیگر قریبی رشتہ داروں کیسروں پر دست شفقت رکھا۔ شہید جان محمد کو پاک فوج کے چاک وچوبند دستوں نے گارڈ آف آنرز پیش کیا، نظر آباد قبرستان تک شہید کا جسد خاکی پورے فوجی اعزاز پروٹوکول کیساتھ لیجایا گیا، شہید کے جسد خاکی کو صدر پاکستان آصف علی زرداری وزیراعظم میاں شہباز شریف آرمی چیف سید عاصم منیر کور کمانڈر لاہور لیفٹننٹ جنرل سید فیاض حسین کی طرف سے پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا گیا اور قومی پرچم بھی لہرایا گیا۔

بقیہ 14

ہے، کے پی میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف 173 نوکریاں پیدا کی گئیں، جب کہ پنجاب کے ''ستھرا پنجاب پروگرام'' میں ایک لاکھ سے زائد لوگ روزگار حاصل کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی ''اختیار عوام کا'' ایپ دراصل ''مریم کی دستک'' ایپ کی کاپی ہے، جس پر صرف 0.04 فیصد لوگ رجسٹرڈ ہیں۔ گزشتہ 12 سالوں میں کے پی میں صرف 25 ڈائیلسز یونٹس قائم کیے گئے، جن میں سے زیادہ تر ناکارہ ہو چکے ہیں۔ "پچاس لاکھ گھروں کا دعویٰ کرنے والے اب تک صرف 200 گھر بنانے میں کامیاب ہوسکے ہیں۔ سی آر بی سی کینال کا منصوبہ 1995 میں واپڈا نے بنایا تھا جو ان کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے، لیکن گنڈاپور اسے اپنی حکومت کی کارکردگی میں شامل کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت کا " تعلیم کارڈ " جو 2027 میں شروع ہونا ہے، لیکن اسے موجودہ سالانہ کارکردگی میں شامل کر لیا گیا ہے۔ پنسلوں، کمپیوٹرز اور ڈائریوں کی خریداری بھی کے پی حکومت کی کارکردگی میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گنڈاپور کو اپنی کارکردگی کی کتاب میں اسلام آباد اور پنجاب میں اپنی ناکام بغاوتوں کا بھی ذکر کرنا چاہیے تھا۔ پشاور بی آر ٹی کے کنٹریکٹر نے خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف عالمی عدالت میں 57 ارب روپے ہرجانے کا دعویٰ کر رکھا ہے۔ پشاور ڈی آئی خان موٹروے سی پیک کا منصوبہ ہے، جسے گنڈاپور کی نالائق حکومت اپنے کھاتے میں ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے مجھے کتاب بھجوائی، شاید علی امین گنڈاپور نے یہ کتاب خود نہیں پڑھی، علی امین گنڈاپور نے کتاب میں اپنے کارنامے بتائے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس سال میں 2 کارنامے بھی کیے، انہوں نے اسلام آباد اور لاہور پر حملے کیے وہ کتاب میں نہیں لکھا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام دہشتگردی کی جنگ میں جھلس رہے ہیں، جب کرم جل رہا تھا موصوف فتح اسلام آباد کے راستے میں تھے، ان کو بار بار شرم دلائی تھی کہ لوگ وہاں مر رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مجھے بتایا گیا تھا علی امین گنڈاپور پڑھے لکھے آدمی ہیں، علی امین گنڈاپور پڑھے لکھے ہوتے تو یہ کتاب نہ بھیجتے، ان کے یوٹیوبرز کو مریم نواز کی تصاویر دیکھ کر تکلیف ہوتی ہے۔ سب کو پتہ ہے بی آر ٹی کتنا جلتی ہے اور کتنی چلتی ہے، یہ ایک ہی بی آر ٹی بنا سکے جسے چلا بھی نہیں سکے، پنجاب میں ایک اورنج لائن کام کر رہی ہے تین شہروں میں میٹرو چل رہی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز راولپنڈی سے مری کے درمیان گلاس ٹرین چلا رہی ہیں۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ بی آر ٹی پشاور کی لاگت 120 ارب روپے سے اوپر جا چکی ہے، پنجاب میں 120 ارب روپے سے کم پر 3 ٹرانسپورٹ منصوبے چل رہے ہیں، انہوں نے 12 سالوں میں 140 ٹیوب ویلز سولرائزڈ کیے ہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز 10 ہزار سے زائد ٹیوب ویلز کو سولرائزڈ کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کارڈ پر ان کے اپنے وزیر تعلیم کا بیان آیا ہے، کہا گیا کہ تعلیمی کارڈ کی چھپائی پر اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، ان کے وزیر تعلیم کہہ رہے ہیں کے پی میں تعلیمی کارڈ 2027 سے شروع ہوگا، انہوں نے صحت کارڈ پر رنگ روغن کر کے اپنا منصوبہ بنایا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پنجاب کا پروگرام ہونہار سکالرشپس ہے، پنجاب میں 30 ہزار بچوں کو سکالرشپس دیئے جا چکے ہیں، اب 50 ہزار بچوں کو سکالرشپس دیئے جائیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز بچوں کو الیکٹرک بائیکس اور سکوٹیز دے رہی ہیں، اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت ہزاروں گھر بن رہے ہیں۔

بقیہ 15

اے) کمپوزٹ سرکل میرپور خاص نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر زائرین کو سعودی عرب بھجوانے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کی شناخت افتخار علی عرف سونو کے نام سے ہوئی۔ ملزم نے زائرین کو سعودی عرب بھجوانے کے نام پر 40 لاکھ روپے سے زائد کا فراڈ کیا۔ ملزم نے 36 زائرین کے ساتھ عمرہ کے نام پر فراڈ کیا۔ ملزم غیر قانونی طور پر ٹریول ایجنسی چلا رہا تھا اور بھاری رقوم وصول کر کے روپوش ہوگیا تھا۔ ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 16

سے دوسو روپے فی کس رقوم بٹور رہا تھا کہ رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ پولیس نے مقدمہ محمد اشرف کی مدعیت میں درج کر کے ایک نوسرباز کو حراست میں لے لیا۔

بقیہ 17

کا ڈیلر گرفتار کرلیا۔ ملزم کو پٹرولنگ کے دوران صوفیا آباد سے حراست میں لیا گیا جس نے اعتراف کیا ہے کہ برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی کرنے آیا تھا۔ ملزم پشاور سے لاہور منشیات سپلائی کرنے آیا تھا، منشیات فروش کے زیر استعمال کار بھی پولیس تحویل میں لے لی گئی۔ منشیات فروش عطاء الرحمان سے 10 کلو چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق تارڑ نے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 18

چاہیے، افغانستان میں صورتحال سے پاکستان نبرد آزما ہے، یہ ہماری پیدا کردہ نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ افغانستان سے دہشتگردی پوری دنیا میں پھیلے گی، پاکستان میں دہشتگردی کے خلاف کوئی ابہام نہیں، پاکستان دہشتگردی کے خلاف بقاء کی جنگ لڑ رہا ہے، قوم ہر روز دہشتگردی کے خلاف جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتیں اور دوسرے ادارے ملک کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان آئین وقانون کے دائرے میں اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے، حکومت نے کب ڈائیلاگ سے انکار کیا؟ ہم تو کہتے ہیں کہ کسی کو مسائل ہیں تو آئیں بیٹھ کر بات کریں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہم پیپلز پارٹی کے ساتھ اور وہ ہمارے ساتھ ہیں، ملک کو بڑی مشکل سے ڈیفالٹ سے باہر نکالا ہے، 1991 کے ریکارڈ کے مطابق ہر صوبے کا پانی مقرر ہے، پنجاب اپنے حصے کے علاوہ سندھ کا ایک قطرہ پانی نہیں لیتا۔

بقیہ 19

ایڈیشنل سیشن جج عبدالغفور کاکڑ کی عدم دستیابی کے باعث بغیر کسی کارروائی کے ملتوی کردی گئی۔ علی امین گنڈاپور یا ان کے وکیل آج بھی عدالت میں پیش نہیں ہوئے۔ شریک ملزم اسد فاروق عدالت میں پیش ہوئے اور حاضری لگائی۔ عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھی۔ آڈیو لیک کیس کی آئندہ سماعت 25 مارچ کو ہوگی، علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 20

تجاویز پیش کرے گی۔ کمیٹی کارخانوں کو درپیش مشکلات کی نشاندہی کرے گی، سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کیلئے بھی تجاویز دینا کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی، تمام محکموں کو کیسے ایک ساتھ ملایا جائے یہ بھی کمیٹی تجاویز دے گی۔

بقیہ 21

ایل ایل بی اور 1998 میں ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کی، وہ 1999 میں سول جج مقرر ہوئیں اور سول جج کے تحریری امتحان میں ٹاپ کیا۔ بطور سول جج سب سے زیادہ کیسز نمٹانے پر اس وقت کے چیف جسٹس فلک شیر نے جسٹس عبہر گل خان کو کیش پرائز سے بھی نوازا جس کے بعد انہوں نے سینئر سول جج، پھر ایڈیشنل سیشن جج اور پھر سیشن جج کے عہدے پر ترقی پائی۔ بعدازاں جسٹس عبہر گل خان کو اے ٹی سی لاہور کا جج مقرر کیا گیا، اس دوران انہوں نے قصور میں بچوں سے بدفعلی کے مقدمے میں ملزمان کو سزائیں سنائیں جبکہ متعدد دہشت گردی کے مقدمات کے تاریخی فیصلے سنائے۔ جسٹس عبہر گل کو اعزاز حاصل ہے کہ وہ پاکستان کی پہلی خاتون سول جج ہیں جو لاہور ہائیکورٹ کے جج کے عہدے پر فائز ہوئیں، جسٹس عبہر گل خان کی لاہور ہائیکورٹ میں بطور ایڈیشنل جج تقرری کے بعد ہائیکورٹ میں خاتون ججز کی تعداد 2 ہوگئی۔ اس سے قبل جسٹس عالیہ نیلم واحد خاتون جج ہیں جو چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے عہدے پر فائز ہوئیں جبکہ ماضی میں جسٹس فخر النسا کھوکھر، جسٹس ناصرہ جاوید اقبال، جسٹس طلعت یعقوب لاہور ہائیکورٹ کی جج مقرر ہوئیں۔ مارچ 1996 کے الجہاد ٹرسٹ کیس کے فیصلے کے بعد جسٹس فخر النسا کھوکھر کے علاوہ دونوں خاتون ججز کو عہدوں سے ہٹادیا گیا، مئی 2001 میں جسٹس ناصرہ جاوید اقبال کی پھر سے بطور ایڈیشنل جج لاہور ہائیکورٹ تقرری ہوئی مگر وہ عہدے سے سبکدوش ہوگئیں۔ 2012 میں جسٹس عائشہ ملک، 2013 میں جسٹس عالیہ نیلم جبکہ جون 2015 میں جسٹس ارم سجاد گل نے بطور ایڈیشنل جج لاہور ہائیکورٹ عہدے کا حلف اٹھایا مگر جسٹس ارم سجاد مستقل جج نہ بن سکیں۔

بقیہ 22

عدالت نے فوری میڈیکل کا حکم دے دیا۔ اس پولیس تشدد کے واقعہ کو انسانیت سوز اور اخلاق باختہ قرار دیتے ہوئے کلورکوٹ بار ایسوسی ایشن نے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مکمل ہڑتال کا اعلان کردیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کلورکوٹ میں ڈی ایچ کیو ہسپتال کے سابق ایم ایس ڈاکٹر محمد اسلم کے گھر کام کرنے والی گھریلو ملازمہ نے لاہور سے آئے مہمان کی 40 لاکھ مالیت کی گھڑی چوری کا ارتکاب کیا جس پر پولیس نے گھر مالک کی مدعیت میں 18 سالہ گھریلو ملازمہ یاسمین کے خلاف زیر دفعہ 381 ت پ مقدمہ درج کروادیا جس پر تھانہ کلورکوٹ پولیس نے گھریلو ملازم ملزمہ یاسمین کو چھاپہ مار کر گرفتار کرلیا جس نے مقامی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیشی پر انکشاف کیا کہ اسے تھانہ میں مبینہ طور برہنہ کر کے مرد اہلکاروں نے تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ جس پر فاضل عدالت نے گھریلو ملازم ملزمہ کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے اس کا میڈیکل کروانے کا حکم دے دیا۔ اس لڑکی پر پولیس تشدد کو انسانیت سوز اخلاق باختہ قرار دیتے ہوئے کلور بار ایسوسی ایشن نے شدید الفاظ میں مذمت کی اور مکمل ہڑتال کا اعلان کردیا۔

بقیہ 23

کو آپریشن فار کلائمیٹ چینج کی گرانٹ کی مدد سے یہ اقدام بلوچستان حکومت کے انرجی ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے عمل میں لایا جائے گا۔ چین اس سے قبل گوادر کو درپیش توانائی کے چیلنجز سے نمٹنے میں اپنا کردار ادا کر چکا ہے، جولائی 2022 میں چینی حکومت نے خطے میں بجلی کی قلت اور آب وہوا کے مسائل کو کم کرنے میں مدد کے لیے 3,000 شمسی نظام عطیہ کیے تھے۔ گوادر پرو کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے کوئٹہ میں ایک تقریب کے دوران ساحلی شہر کو سی پیک کے ماتھے کا جھومر قرار دیتے ہوئے کہا گوادر اس پروگرام کا ایک اہم مرکز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کے لیے کم ازکم 5 ہزار سولر سسٹم مختص کیے جائیں گے۔ سرفراز بگٹی نے گوادر کے عوام پر زور دیا کہ وہ سی پیک کی ترقی میں اپنے مرکزی کردار کو تسلیم کریں۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک ان کی وجہ سے بنایا گیا اور ان کی وجہ سے آگے بڑھے گا۔ یہ چھوٹے اقدامات لوگوں کو عزم کا پیغام دینے کے طریقے ہیں۔

بقیہ 24

157 ارب روپے حاصل ہو سکتے ہیں، پلان کے مطابق شارٹ فال پورا کرنے کیلئے عدالتوں میں ٹیکس مقدمات جلد نمٹائے جائیں گے، زیر سماعت ٹیکس کیسز جلد سماعت کیلئے وزیراعظم آفس کی معاونت ہوگی۔ ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ ایکسٹرنل فنانسنگ اور ٹیکس پالیسی یونٹ کے آپریشنلائزیشن پلان پر مذاکرات جاری ہیں، مہنگائی، خطے کے دیگر ممالک سے موازنہ، نیشنل اکاؤنٹس پر مذاکرات کئے جا رہے ہیں، لیبر فورس سروے، فیملی بجٹ سروے، لیونگ سٹینڈرڈ پر مذاکرات میں رپورٹس کا جائزہ لیا گیا، آئی ایم ایف وفد سے بجلی و گیس ٹیرف اور گردشی قرضہ پر بھی اہم مذاکرات ہوئے ہیں۔ آج سرکاری افسران کے اثاثوں کو ڈیکلیئر کرنے کیلئے مسودے پر مذاکرات ہوں گے جس میں سرکاری افسران کے اثاثے ڈیکلیئر کرنے کا تیار ڈرافٹ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کو دیا جائے گا۔

بقیہ 25

اور وزیر مملکت ملک رشید احمد نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے وفاقی کابینہ میں شمولیت پر وفاقی وزیر معین وٹو اور وزیر مملکت ملک رشید کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی وسیاسی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 26

رجسٹرار کو خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار کی ہدایت پر ان کے سیکرٹری نے مبینہ رشوت ستانی کے ازالے کیلئے رجسٹرار کو خط لکھ دیا۔ جسٹس بابر ستار کی ہدایت پر لکھے گئے خط کی نقول تمام ججز کے سیکرٹریز کو بھی ارسال کر دی گئیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ انکوائری کر کے ملوث اسٹاف کے خلاف کارروائی کر کے اس برائی کو جڑ سے اکھاڑا جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ اسلام ہائی کورٹ کے کورٹ رومز اور کوریڈورز کی ویڈیو مانیٹرنگ ہوتی ہے، رجسٹرار آفس گزشتہ دو ہفتے کی فوٹیج نکال کر دیکھ سکتا ہے کہ اسٹاف مطالبہ کر کے رقم لے رہا ہے، اگر ایسے مطالبات کی رپورٹس درست ثابت ہوں تو ملوث اسٹاف کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ان کے علم میں لایا گیا کورٹ اسٹاف ریلیف لینے والے سائلین و وکلا کا پیچھا کر کے رقم کا مطالبہ کرتے ہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ میں پریشان کن پریکٹس نے سر اٹھانا شروع کر دیا ہے حالانکہ ہائیکورٹ کے مستقل ملازمین اپنی سروسز کے عوض تنخواہیں اور مراعات وصول کرتے ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ہائیکورٹ ملازم کا ریلیف حاصل کرنے والے کسی سائل یا وکیل سے رقم کا مطالبہ کرنا مس کنڈکٹ ہے، تمام عدالتیں بشمول ہائیکورٹس شہریوں کی خدمت (انصاف کی فراہمی) کیلئے بنائی گئی ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ عدالتوں اور ان کے اسٹاف کو اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں پوری کرنی چاہئیں، کورٹ ملازمین کا کسی وکیل یا سائل سے رقم لینا رشوت ستانی کے زمرے میں آتا ہے، اس طرح رقم لینا انصاف کی فراہمی کے بدلے میں رینٹ لینے کے مترادف ہے، شہریوں کو انصاف کی فراہمی کرنے والی عدالت میں اس کلچر کی کوئی گنجائش موجود نہیں۔

بقیہ 27

انڈونیشیا میں کثیرالقومی بحری مشق کموڈو-25 (25-KOMODO) میں شرکت کی، مشق کموڈو-25 میں 38 ممالک کی بحری افواج نے حصہ لیا۔ پاک بحریہ کی بین الاقوامی بحری مشق میں فعال شرکت علاقائی امن واستحکام کیلئے عزم کا مظہر ہے۔ مشق کا آغاز فلیٹ ریویو سے ہوا جہاں پی این ایس اصلت نے دیگر جنگی جہازوں کے ساتھ باہمی تعاون اور بحری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پی این ایس اصلت نے کولمبو سری لنکا کا بھی دورہ کیا، کمانڈنگ آفیسر پی این ایس اصلت نے کمانڈر ویسٹرن نیول ایریا اور دیگر فوجی حکام سے ملاقاتیں کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز ریجنل میری ٹائم سکیورٹی پٹرول پر باقاعدگی سے تعینات کئے جاتے ہیں، پی این ایس اصلت کا سری لنکا اور انڈونیشیا کا دورہ دونوں دوست ممالک کے ساتھ بحری تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 28

ہے کہ پاکستان کے بیشتر حصوں میں 30 مارچ کی شام عیدالفطر کا چاند نظر آ جائے گا کیونکہ اس وقت اس کی عمر 26 گھنٹے ہوگی جو چاند کے نظر آنے کی شرائط کے عین مطابق ہے۔ یوں عیدالفطر کے تین ایام (پیر تا بدھ) یعنی 31 مارچ اور یکم و دو اپریل کو عید منائی جائے گی، تاہم تیس روزے پورے ہونے کی صورت میں عید یکم اپریل منگل تا جمعرات منائی جائے گی۔ اس سے قبل ہفتہ و اتوار کو ویسے ہی سرکاری ملازمین کی چھٹی ہوتی ہے، یوں عید کی کم از کم چھ تعطیلات ہوں گی۔

بقیہ 29

اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشنز (FAPUASA) اسلام آباد چیپٹر کے صدر ڈاکٹر اقبال احمد جتوئی نے کی۔ یونیورسٹی کیمپس کے مرکزی دروازے پر فیکلٹی ارکان کا ایک بڑا اجتماع ہوا، جنھوں نے فوری طور پر ٹیکس ریبیٹ کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ اس ریبیٹ کی منسوخی نہ صرف فیکلٹی ارکان کے لیے مالی عدم استحکام کا باعث ہے بلکہ اس جذبے اور کاوش کے لیے بھی نقصان دہ ہے، جس کی بنیاد پر وہ تحقیق وتدریس کے میدان میں ملک وقوم کی خدمت اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر جتوئی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکس ریبیٹ اساتذہ اور محققین کی انتھک محنت کا اعتراف ہے، جو اپنی زندگی علم کی ترویج اور معاشرے کی بہتری کے لیے وقف کرتے ہیں۔ اس ریبیٹ کی منسوخی تعلیمی کمیونٹی کے لیے سخت دھچکا ہے اور پاکستان میں تعلیم وتحقیق کو پس پشت ڈالنے کے مترادف ہے۔ اساتذہ اور محققین نے موقف اپنایا کہ حکومت فی الفور اس فیصلے پر نظر ثانی کرے اور فوری طور پر ٹیکس ریبیٹ بحال کرے۔ "علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اکیڈیمیہ کا یہ احتجاج اس قومی تحریک کا حصہ ہے، جو (FAPUASA) کی کال پر ملک بھر کی یونیورسٹیاں "یوم سیاہ " کے موقع پر اظہار یکجہتی کے طور پر کر رہی ہیں۔ مختلف شعبوں کے اساتذہ اور محققین نے اس احتجاج میں حصہ لیا اور تعلیمی کمیونٹی کے اس اجتماعی عزم کا اعادہ کیا کہ اپنے حقوق کے تحفظ اور ایسی پالیسیوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے، جو تعلیم وتحقیق کے فروغ میں رکاوٹ کا باعث بنیں۔

بقیہ 30

گیا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین اور بچوں سے زیادتی، ہراسمنٹ نا قابل برداشت ہیں، ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 31

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں کھلی کچہریوں کے ذریعے لوگوں کو انصاف دینے کیلئے پولیس عوام کی دہلیز پر جارہی ہے۔ وہ تھانہ سٹی چکوال میں کھلی کچہری کے انعقاد کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈی پی او احمد محی الدین اور اے ایس پی صدر سرکل سارہ ہاشمی بھی موجود تھیں۔ آر پی او راولپنڈی سرفراز الپا نے چکوال ماڈل تھانہ سٹی میں کھلی کچہری لگائی اس موقع پر ڈی پی او احمد محی الدین اور تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز صاحبان بھی موجود تھے بڑی تعداد میں مرد خواتین سائلین نے شرکت کی۔ اس موقع پر آر پی او نے تمام سائلین کے پوری توجہ سے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے بعدازاں انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ الحمدللہ ضلع چکوال کی امن وامان کی صورتحال تسلی بخش ہے اور کرائم بھی کنٹرول ہے ڈی پی او چکوال نے ماہ رمضان کے مقدس ماہ میں ضلع چکوال کی تمام مساجد اور امام بارگاہوں میں سیکیورٹی کے جوفول پروف انتظامات کیے ہیں وہ بہتر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زمین کے کیسز اور زمینی تنازعوں کے مسئلے اگر کھلی کچہریوں میں حل ہو جائیں تو لاء ان آرڈر کی صورتحال میں بہتری آسکتی ہے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں میں خود جا کر کھلی کچہریاں لگا کر عوام کے مسائل کی آگاہی حاصل کر رہا ہوں ان کھلی کچہریوں کے انعقاد سے عوام کو فوری ریلیف مل رہا ہے جبکہ چکوال کے ڈی پی او کافی متحرک ہیں اور ان کی روزانہ کی بنیاد لگائے جانے والی کھلی کچہریوں سے دور دراز علاقوں سے نہ آنے والوں کو ان کی دہلیز پر ان کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔

بقیہ 32

ہم دشمن بھی بڑا سمجھتے ہیں، عوام اور ہمارا مذہبی طبقہ خاص طور پر امریکی مزاج کے خلاف ہے، کیوں کہ امریکا سے ہم نے دوستی کی خود شروعات کی اور اس کی ہمیں خاصی قیمت بھی ادا کرنا پڑی۔ انہوں نے کہا کہ چائنا ہمارا اسٹریٹجک پارٹنر ہے لیکن یورپ اور امریکا ہمارے بڑے بزنس پارٹنرز ہیں۔

بقیہ 33

کسی بھی مشتبہ شخص یا غیر قانونی سرگرمی کو روکا جا سکے۔ پولیس حکام کے مطابق سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ راولپنڈی پولیس نے کہا کہ وہ علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ کہوٹہ کے شہریوں نے پولیس کے اس اقدام پر مختلف آرا کا اظہار کیا۔ کچھ افراد نے اسے سیکیورٹی کے لیے ضروری قرار دیا، جبکہ بعض شہریوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرچ آپریشنز کے دوران عام شہریوں کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 34

سے 30 سال رکھی گئی ہے اور متعلقہ فیلڈ میں مہارت رکھنے والے امیدوار بھرتی کیلئے اہل ہونگے۔ امیدوار بھرتی کیلئے درخواست فارم 20 مارچ تک جمع کرواسکتے ہیں۔ خواتین وسابقہ فوجیوں کیلئے 10 فیصد جبکہ اقلیتی شہریوں کیلئے 05 فیصد کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔ بھرتی ہونے والے امیدواروں کو لاہور، ٹیلی کمیونیکیشن، شیخوپورہ، راولپنڈی، سرگودھا، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور میں تعینات کیا جائے گا۔ ریکروٹمنٹ بورڈ میں شامل سینئر افسران کی زیر نگرانی امیدواروں کے ٹیسٹ لیے جائیں گیا۔ قواعد وضوابط اور میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواروں کو بھرتی کیا جائے گا۔

بقیہ 35

پکڑا گیا۔ پولیس نے مقدمہ محمد اشرف کی مدعیت میں درج کر کے ایک نوسرباز کو حراست میں لے لیا

بقیہ 36

رمضان بازار میں بھی سٹال کو بند کر دیا مزید برآں قصابوں کا کہنا ہے کہ ہمیں جانور مہنگے ملتے ہیں اسکے ساتھ منڈی کا خرچہ اور گاڑی و دکانوں کے کرائے ڈال کر ہماری خرید سرکاری نرخ نامے سے تجاوز ہو جاتی ہے ہم اپنا نقصان نہیں کر سکتے جبکہ اس حوالے سے چیف ایگزیکٹو آفیسر تحصیل میونسپل کمیٹی اظہر مجید نے کہا کہ سرکاری ریٹ لسٹ پر کسی بھی قسم کا کمپرومائز ہرگز نہیں کیا جائے گا بیف اور مٹن کی فراہمی سرکاری نرخوں پر یقینی بنانے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کروانے کے لیے جرمانوں کیساتھ ساتھ مقدمات کا اندراج کروایا جائے گا جبکہ شہریوں نے قصابوں کی ہڑتال کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب تک انکے خلاف مقدمات یا جرمانے عائد نہیں کیے اور تمام قصاب اپنے من مانے نرخوں پر گوشت فروخت کرتے رہے اس وقت انکو جانوروں کی خرید و فروخت مہنگی نہیں لگی اب جب سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے اب انکو مہنگائی یاد آگئی ہے اور انتظامیہ کو بلیک میل کرنے کے لیے سب نے مل کر ہڑتال کردی ہے مزید برآں شہریوں نے کہا کہ قصابوں نے عوام کی کھال اتارنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے کیساتھ کلو گوشت کی خریداری پر ڈیڑھ پاؤ کی ہڈی اور ساتھ چربی ڈال کر ہمیں ایک کلو بیف ایک ہزار سے بارہ سو روپے تک جبکہ مٹن دو ہزار سے بائیس سو روپے کلو دیتے تھے اب جب ان پر ہاتھ ڈالا گیا ہے تو انکی چیخیں ساتویں آسمان تک بلند ہو رہی ہیں ایسے ہی چکن مافیا نے بھی جینا محال کیا ہوا ہے انتظامیہ انکے خلاف بھی کریک ڈاؤن کرے مرغی کا گوشت آٹھ سو روپے کلو سے تجاوز کر چکا ہے

بقیہ 37

کے بعد سرکاری ذخائر 11 ارب 24 کروڑ 95 لاکھ ڈالر کی سطح پر آگئے۔ گذشتہ ہفتے کے اختتام پر کمرشل بینکوں کے پاس 4 ارب 62 کروڑ 43 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود تھے، اس طرح زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کی مالیت 15 ارب 87 کروڑ 38 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 38

ڈویژن کی نگرانی کریں گے، صوبائی وزیر بلال یاسین گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن کی نگرانی کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر راولپنڈی، ذیشان رفیق سرگودھا کی نگرانی کریں گے، صوبائی وزیر سی اینڈ ڈبلیو صہیب احمد برتھ ملتان، سردار شیر علی گورچانی کو بہاولپور کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔ کاظم پیرزادہ ڈی جی خان، خواجہ عمران نذیر فیصل آباد ڈویژن، رانا سکندر حیات کو ساہیوال کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔

بقیہ 39

پاکستان کے بیشتر حصوں میں 30 مارچ کی شام عیدالفطر کا چاند نظر آ جائے گا، کیونکہ اس وقت اس کی عمر 26 گھنٹے ہوگی جو چاند کے نظر آنے کی شرائط کے عین مطابق ہے۔

بقیہ 40

چینی کے اسٹال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان میں سستی چینی کے اسٹال لگائے گئے ہیں، چینی کے اسٹالز شوگر ملز ایسوسی ایشن کے تعاون سے لگائے گئے ہیں، اسٹالز پر چینی 130 روپے فی کلوگرام دستیاب ہے، ایک شناختی کارڈ پر 5 کلو چینی لی جاسکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں چینی کے وافر ذخائر موجود ہیں، گزشتہ سال کی 5 لاکھ ٹن شامل ہے، ملک میں چینی کی سالانہ ضرورت 59 لاکھ میٹرک ٹن ہے، چینی مہنگی ہونے کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں، چینی کی برآمد سے 400 ملین ڈالر ملے ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 07 مارچ 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، کلر سٹی، دوبیرن، فضل احمد شہید، نیو چوآہ، کھمبلی صادق فیڈرز، جہلم سرکل، بابا شہید، چھپر شریف، ہل اعوان فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 41

۔متاثرہ خواتین کا کہنا ہے کہ وہ ممتا پروگرام میں شامل ہونے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کر چکی ہیں، جن میں ڈسچارج کارڈ، قومی شناختی کارڈ اور دیگر ضروری دستاویزات شامل ہیں۔ اس کے باوجود، انہیں غیر ضروری طور پر تنگ کیا جارہا ہے اور رشوت دیے بغیر داخلہ نہیں دیا جارہا۔ ایک خاتون نے دُہائی دیتے ہوئے کہا: "ہم پہلے ہی مالی مشکلات کا شکار ہیں، ہم یہاں مدد کے لیے آئے ہیں، لیکن ممتا پروگرام کا عملہ ہم سے رشوت طلب کر رہا ہے۔ کئی دنوں سے ہمیں جان بوجھ کر ذلیل وخوار کیا جارہا ہے۔" عوامی للکار ٹیم کے دورے کے دوران کچھ ایسے شواہد بھی ملے جو اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ممتا پروگرام میں مالی بے ضابطگیاں ہو رہی ہیں۔ ٹیم نے مشاہدہ کیا کہ خواتین کو غیر ضروری طور پر پریشان کیا جارہا ہے اور انہیں سرکاری سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے ۔متاثرہ خواتین کے ساتھ آئے مردوں نے بھی شدید الزامات لگاتے ہوئے کہا کہ ممتا پروگرام میں کھلے عام رشوت لی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے مفت فراہم کی جانے والی اس سہولت پر مخصوص عملے نے قبضہ جما رکھا ہے اور غریب خواتین کو مالی فائدے کے لیے استحصال کا نشانہ بنایا جا رہا ہے ۔ایک متاثرہ شخص نے کہا:" ہمیں امید تھی کہ ممتا پروگرام سے ہماری خواتین کو سہولت ملے گی، لیکن یہاں تو پیسے نہ دینے والوں کو دربدر کیا جارہا ہے۔ یہ کھلی ناانصافی ہے۔" عوامی حلقوں نے اس سنگین صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی سی کندھ کوٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر معاملے کا نوٹس لیں اور کرپشن میں ملوث عملے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ متاثرہ خواتین کو بنا کسی تاخیر کے ممتا پروگرام میں شامل کر کے ان کا حق دیا جائے

بقیہ 42

سے چین میں رہ رہے ہیں جو 2022 میں چین کے مشرقی شہر وے ہائی میں شان ڈونگ یونیورسٹی سے منسلک ہوئے۔ وہ اس وقت شان ڈونگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل سٹڈیز میں پوسٹ ڈاکٹریٹ فیلو ہیں اور سنٹر فار گلوبل ڈویلپمنٹ اینڈ بی آر آئی سٹڈیز میں تحقیق کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شان ڈونگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل سٹڈیز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لی یوآن نے سید جمال خان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 2 سال میں انہوں نے متعدد اعلیٰ سطح کے تدریسی مقالے شائع کئے اور بین الاقوامی کانفرنسوں میں فعال انداز میں حصہ لیا۔ اس سے چین اور پاکستان کے تعلیمی اداروں کے درمیان رابطے پروان چڑھے اور دونوں ممالک کے سکالرز کے درمیان تعاون بڑھا۔ شنہوا کو انٹرویو میں سید جمال خان نے چین میں 8 سال رہنے کے تجربات پیش کیے۔ انہوں نے کہا کہ چین میں میرا وقت انتہائی مفید رہا ہے۔ میں اس کی بھرپور ثقافت، روایتی تہواروں، شاندار مناظر، متحرک شہروں اور جدید اختراعات سے بہت محظوظ ہوتا ہوں۔ بین الاقوامی تجارت، ترقیاتی معیشت اور تجارتی پالیسیوں میں مہارت رکھنے والے ایک مانے ہوئے ماہر اقتصادیات کے طور پر یہ نوجوان سکالر چین کی ترقی اور حالیہ برسوں میں ہونے والی تبدیلیوں پر ایک منفرد نکتہ نظر پیش کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے تیز تر اقتصادی ترقی سے لے کر بنیادی شہری سہولیات کی ترقی تک اور ٹیکنالوجی پر مبنی پیشرفت تک چین کی زبردست ترقی دیکھی ہے۔ چین کی ترقی اس کے تزویراتی وژن، جدت پر مبنی پالیسیوں اور اعلیٰ معیار کی ترقی کے عزم کا ثبوت ہے۔ سید جمال خان نے ماحول دوست ترقی کے ساتھ چین کے عزم کو سراہتے ہوئے نشاندہی کی کہ ملک قابل تجدید توانائی میں عالمی رہنما کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین شمسی، ہوا اور الیکٹرک گاڑیوں کی ٹیکنالوجیز میں بہت بڑی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ صاف توانائی میں یہ پیشرفت نہ صرف موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں معاونت کرتی ہے بلکہ نئی صنعتوں اور روزگار کے مواقع پیدا کر کے معاشی ترقی کو بھی متحرک کرتی ہے۔ سی پیک کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے سید جمال خان نے ذاتی تجزیہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرے آبائی شہر ہزارہ سے پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد تک 120 کلومیٹر سفر میں ٹریفک کے رش اور خراب سڑک کے باعث 6 گھنٹے لگتے تھے۔

بقیہ 43

چیک کیا گیا، جبکہ متعدد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے، تاکہ علاقے میں امن وامان کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایس پی کشور نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ کشور پولیس جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنی خدمات بغیر کسی تعطل کے جاری رکھے گی۔

بقیہ 44

چک 117 نوابل کے قریب ایک محنت کش محمد یار اور اس کا بھانجا محمد وریام 14 سالہ کھیتوں میں آلو چگنے کے بعد سڑک کنارے کھڑے تھے کہ تیز رفتار مزدا نمبر 1445 ایل آر جے نے روند ڈالا جس سے محمد وریام کا سر کچلا گیا جو موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ پولیس کیبر نے محمد یار چچا کی مدعیت میں مقدمہ 320، 279 ت پ درج کرلیا۔

بقیہ 45

متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کیں کہ رمضان سہولت بازار میں شہریوں کو معیاری اور سستی اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور ناجائز منافع خوری و ذخیرہ اندوزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ اس موقع پر انہوں نے بازار میں خریداری کیلئے آئے شہریوں سے بھی بات چیت کی اور ان سے سہولت بازار میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 46

دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزم تاجدار حیدر ولد مظہر حسین ساکن بڈھیال شام میرے بھائی کے گھر کا گیٹ کھٹکھٹایا، چھوٹا بیٹا باہر نکلا تو اس سے کہا کہ ابو کو باہر بھیجو شادی کا دعوت نامہ دینا ہے، جیسے ہی میرا بھائی امجد جلیل باہر نکلا تو ملزم نے بانیت قتل سیدھے فائر کر دیئے، جو میرے بھائی کی چھاتی میں لگے جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا، جو بعدازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، دونوں فریقین میں جائیداد کا تنازعہ چل رہا تھا، جس کے شاخسانہ میں یہ واقعہ رونما ہوا ہے، تھانہ صدر چکوال پولیس نے مقدمہ درج کر کے مؤثر تفتیش کے بعد چالان سیشن عدالت میں جمع کروادیا

بقیہ 47

نہیں مل رہی انکو آجکل چینی آجانے کی طفل تسلیاں دی جارہی ہیں جبکہ اس کیساتھ ساتھ کریانہ آئٹمز کی بنیادی ضرورت کی دیگر اشیاء کا بھی کاونٹر پر فقدان ہے چند ایک ایٹمز کے علاوہ باقی سامان کہیں نظر نہیں ارہا ہے اسی طرح بیف مٹن کے قصابوں کی ہڑتال کی وجہ سے چکن کاونٹر پر مرغی کا گوشت بھی شارٹ ہوگیا اور شہری خالی ہاتھ لوٹنے پر مجبور ہوگے اس تمام تر صورتحال پر شہری حلقوں کا کہنا ہے ہم روزہ رکھ کر یہاں آتے ہیں کہ تمام اشیاء یہاں ایک چھت تلے اکھٹی مل جائیں گی مگر یہاں آ کر پتا چلتا ہے کہ چند ایک اشیاء کے کچھ بھی نہیں ہے اور خاص کر چینی پر حکومت نے ریلیف دیا تھا مگر یہاں کاونٹر خالی پڑا ہے کیا صرف ایک دن کے لیے چینی دینی تھا یا سٹاک کی بندر بانٹ کر دی گئی ہے اور اب ہم لوگ یہاں خوار ہو رہے ہیں ہمارا سی ایم پنجاب سے مطالبہ ہے کہ وہ اس تمام صورتحال کا سختی سے نوٹس لیں اور ستا رمضان بازار میں انتظامیہ کو تمام ضروری اشیاء خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے کی تلقین کریں یا پھر اسے ختم کروا دیا جائے کیونکہ یہاں لاکھوں روپے قومی خزانے سے لگا کر بازار کی تزین آرائش کی گئی ہے

بقیہ 48

اور نجمنڈی کے علاقوں میں کیے گئے، آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، گوداموں سمیت شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز میں پولیس کے ساتھ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھی حصہ لیا، سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ و قانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا ہے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور امن وامان کے قیام کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 49

سے 510 گرام چرس برآمد کی، نصیرآباد پولیس نے ملزم علی خان سے 1 کلو 50 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم ساجد سے 600 گرام چرس برآمد کی، روات پولیس نے ملزم اعظم سے 550 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم امتیاز سے 520 گرام چرس برآمد کی، کہوٹہ پولیس نے ملزم اعظم سے 600 گرام چرس، گوجرخان پولیس نے ملزم جمیل اختر سے 540 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 50

راجہ نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 51

اور لکویڈ تمباکو فلیور موجود تھے، سمگل شدہ سامان مزدہ ٹرک کے ذریعے امپورٹر کے گودام میں منتقل کردیا گیا ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق کارروائی کے دوران 30 کروڑ 24 لاکھ مالیت کے 11 مختلف برانڈز کے 10 ہزار 8 موبائل فون ضبط کیے گئے ہیں، کارروائی میں تین کروڑ روپے مالیت کی 15 ہزار لکویڈ تمباکو فلیور برآمد ہوئے۔ برآمد شدہ موبائل فونز اور تمباکو فلیور کو کسٹمز ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت ضبط کیا گیا۔ ترجمان کسٹم نے بتایا کہ کسٹمز ایکٹ کے تحت امپورٹر اے بی میمن سنز کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 52

میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 53

چکری، آرا ے بازار سے کار چوری کر کے فرار ہوتے ملزمان کی چکری میں پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران ایک کار لفٹر ہلاک جبکہ دو فرار ہوگئے، آرا ے بازار کے علاقہ سے چوری ہونے والی کار اور اسلحہ برآمد، ہلاک کار لفٹر کی شناخت طارق کے نام سے ہوئی، ملزم جڑواں شہروں اور لاہور میں کار چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور اشتہاری بھی تھا، ہلاک ملزم نے سال 2020 میں بھی تھانہ کینٹ کے علاقہ میں ساتھیوں کے ہمراہ پولیس پارٹی پر فائرنگ کی تھی اور زخمی حالت میں گرفتار ہوا تھا، آرا ے بازار سے کار چوری کی اطلاع پر چکری پولیس نے ناکہ بندی کر رکھی تھی، ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر فائرنگ شروع کر دی، کینٹ، کینٹ کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران ایک موٹر سائیکل سنیچر عادل زخمی حالت میں گرفتار، کینٹ سے چند روز قبل مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، کینٹ پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی۔

بقیہ 54

حوالات، وی ایس اوروم، ریکارڈ اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا اور تھانہ کی صفائی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی، دوران دورہ آر پی او نے حوالات میں موجود ملزمان سے بات چیت بھی کی، اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ جاتلی نے علاقہ تھانہ کے مجموعی کرائم اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ہونے والی پیش رفت پر آر پی او کو بریف کیا، آر پی او نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے۔

ری بیٹ کی منسوخی تعلیمی کمیونٹی کیلئے سخت دھچکا ہے

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن (ASA) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا 25٪ ٹیکس ریبیٹ منسوخی کے خلاف احتجاج

(FAPUASA) کی کال پر ملک بھر کی یونیورسٹیاں "یوم سیاہ " کے موقع پر اظہار یکجہتی کے طور پر کر رہی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آج اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشنز (FAPUASA) کے اشتراک سے اساتذہ اور محققین کے لیے 25٪ ٹیکس ریبیٹ کو ختم کرنے کے حکومتی فیصلے کے خلاف ''یوم سیاہ'' منایا، جس کی وجہ سے اساتذہ اور محققین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ اس احتجاج کی قیادت صدر اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز (بقیہ نمبر 29)


6th March - Black Day
estore 25%Tax Rebate for Teach

اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشنز مطالبات کے حق میں ریلی نکال رہا ہے

واہ کینٹ پولیس کی کارروائی، خاتون سے زیادتی کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس کو متاثرہ خاتون کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم عمر نے اس کی بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، واہ کینٹ پولیس نے خاتون کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم عمر کو گرفتار کرلیا، متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسس کروایا (بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی میں کیچڑ اچھالنے والوں کو تھپکی ملتی ہے، قمر زمان کائرہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف میں تصادم کی پالیسی ہے، بانی پی ٹی آئی کو سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے قمر زمان کائرہ نے کہا کہ امریکی صدر نے پاکستان کے تعاون پر شکریہ ادا کیا، پاکستان آج تعاون کا خمیازہ بھگت رہا ہے، شکریہ ادا کرنے پر شادیانے نہیں بجانا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مفاد کیلئے بھی امریکا ہے اور اسے (بقیہ نمبر 32)

زمینوں و جھگڑوں کی وجہ سے تھانے اور کچہریاں آباد ہیں

انصاف دینے کیلئے پولیس عوام کی دہلیز پر جا رہی ہے' بابر سرفراز الپا

چکوال (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر بابر سرفراز الپا نے کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ صوبے میں امن وامان کے حوالے سے زمینوں اور جھگڑوں کی وجہ سے تھانے اور کچہریاں آباد ہیں، اس حوالے سے محکمہ مال میں بہتری لانے کی ضرورت ہے کیونکہ اراضی کے معاملات زیادہ تر پولیس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے، بہرحال (بقیہ نمبر 31)

پولیس کا سرچ آپریشن، متعدد افراد کے کوائف کی جانچ

سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا ہے

کہوٹہ (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے کہوٹہ سمیت مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ کہوٹہ میں کیے گئے آپریشن کے دوران پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، اور گوداموں کی جانچ پڑتال کی۔ شہریوں کے کوائف کی تصدیق بھی کی گئی تاکہ (بقیہ نمبر 33)

نگہبان رمضان پیکیج فی چیک دوسو روپے وصولی کرنیوالا نوسر باز گرفتار

ساہیوال (این این آئی) نگہبان رمضان پروگرام سے فی چیک دوسو روپے لینے والاافراد یہ رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چک 57 بارہ ایل میں یونین کونسل کے سیکرٹری محمد اشرف نے چھاپہ مار کر ایک نوسر باز محمد عظیم کو قابو کرلیا۔ ملزم نگہبان رمضان پیکیج کے چیک لینے والوں سے دوسو روپے فی کس رقوم بٹور رہا تھا کہ رنگے ہاتھوں (بقیہ نمبر 35)

پنجاب پولیس میں بینڈ سٹاف کی بھرتی، اشتہار جاری کر دیا گیا

لاہور سمیت مختلف اضلاع میں بینڈ سٹاف کیلئے کانسٹیبلز کی بھرتی کے عمل کا آغاز

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں بینڈ سٹاف کی بھرتی کے لیے اشتہار جاری کر دیا گیا۔ لاہور سمیت مختلف اضلاع میں بینڈ سٹاف کیلئے کانسٹیبلز کی بھرتی کے عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کانسٹیبل بینڈ سٹاف کیلئے عمر کی حد 18 (بقیہ نمبر 34)

لاہور: ایک بے گھر خاتون اپنے بچوں کے ہمراہ سڑک کنارے بیٹھی ہوئی ہے

تحصیل گوجر خان قصابوں نے غیر معینہ مدت تک ہڑتال کر دی

جانور مہنگا ملتا ہے ہم سرکاری ریٹ پر گوشت فروخت نہیں کر سکتے قصاب ریٹ لسٹ کے حوالے سے کسی صورت کمپرومائز نہیں ہوگا اظہر مجید

گزشتہ روز سرکاری ریٹ سے تجاوز کرنے والوں کو انتظامیہ کی جانب سے بھاری جرمانے مقدمات کے اندراج پر یہ ردعمل پیش کیا گیا شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) سرکاری نرخ نامے کو نظر انداز کر کے مہنگے داموں مٹن بیف فروخت کرنے والے قصابوں کے خلاف گزشتہ روز گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے شکنجا ٹائٹ کرنے بھاری جرمانوں سمیت ایف آئی آر کے اندراج کروانے کے پیش خیمہ تحصیل بھر کے قصابوں نے جمعرات سے غیر معینہ مدت تک ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے شہر و قصبات کی دکانوں سمیت ستا (بقیہ نمبر 36)

زرمبادلہ کے ذخائر کی مالیت 15 ارب 87 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی

زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 2 کروڑ 70 لاکھ ڈالر اضافہ ریکارڈ کیا گیا

کراچی (این این آئی) زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران 2 کروڑ 70 لاکھ ڈالر اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ذخائر کی مجموعی مالیت 15 ارب 87 کروڑ تک پہنچ گئی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق ہفتہ وار اعداد و شمار جاری کر دیے جن کے مطابق 28 فروری کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 2 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس (بقیہ نمبر 37)

رمضان المبارک انتظامات کی نگرانی' صوبائی وزرا کو ڈیوٹیاں تفویض

چیف سیکرٹری پنجاب کی منظوری سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب نے رمضان المبارک میں انتظامات کی نگرانی پر صوبائی وزرا کی ڈیوٹیاں لگا دیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب کی منظوری سے کیبنٹ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جو تمام متعلقہ محکموں کو ارسال کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبائی وزراء کو صوبہ کی 9 ڈویژن کی ماہ صیام کے انتظامات کی ذمہ داریاں سونپ دیں۔ صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمان صوبائی دارالحکومت لاہور (بقیہ نمبر 38)

نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار مدینہ منورہ پہنچ گئے

مسجد نبوی ﷺ میں نماز ادا کی، امت مسلمہ کی فلاح و بہبود، خوشحالی اور ترقی کیلئے دعا کی

مدینہ منورہ (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے مسجد نبوی ﷺ میں نماز ادا کی اور پاکستان سمیت امت مسلمہ کی فلاح و بہبود، خوشحالی اور ترقی کیلئے دعا کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار جمعرات کو مدینہ منورہ پہنچے۔ انہوں نے مسجد نبوی ﷺ میں نماز ادا کی اور پاکستان سمیت امت مسلمہ کی فلاح و بہبود، خوشحالی اور ترقی کیلئے دعا کی۔

ماہ صیام 29 دن کا ہونے اور عید الفطر 31 مارچ کو منائے جانے کی پیشگوئی

کراچی (این این آئی) اہل وطن ماہ رمضان 1446ھ کی برکات سے فیض یاب ہو رہے ہیں، ماہرین فلکیات نے اس بار ماہ صیام 29 دن کا ہونے اور عید الفطر 31 مارچ کو منائے جانے کی پیش گوئی کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق رویت ہلال ریسرچ کونسل نے پیش گوئی کی ہے کہ اس بار ماہ رمضان 29 دنوں کا ہوگا اور عید الفطر 31 مارچ کو منائی جائے گی۔ ماہرین فلکیات نے کہا کہ (بقیہ نمبر 39)

طورخم تجارتی گزرگاہ تیرہویں روز بھی بند رہی، یومیہ 30 لاکھ ڈالر کا نقصان

طورخم (این این آئی) پاک افغان بارڈر پر متنازع حدود میں تعمیرات پر کشیدگی کے باعث طورخم تجارتی گزرگاہ تیرہویں روز بھی بند رہی۔ دو طرفہ تجارت سمیت ہر قسم کی آمد و رفت معطل ہونے سے یومیہ 30 لاکھ ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق افغان سائیڈ نے پاک افغان سرحد پر پاکستانی حدود میں دو سرحدی چوکیوں کی تعمیر کی کوشش کی، منع کرنے پر فائرنگ بھی کی گئی۔ افغانستان کی ان سرگرمیوں کے باعث طورخم سرحد کو بند کیا گیا۔

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چینی مہنگی ہونے کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں

ملک بھر میں اسٹالز پر 130 روپے کلو چینی مل رہی ہے، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ملک بھر میں سستی چینی اسٹالز پر 130 روپے کلو مل رہی ہے، چینی مہنگی ہونے کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، اگلے ہفتے شوگر ملز ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر ایکس مل ریٹ نیچے لائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے اسلام آباد میں سستی (بقیہ نمبر 40)

ممتا پروگرام میں کرپشن، خواتین سے رشوت لینے کا انکشاف

عوامی شکایات پر عوامی للکار ٹیم نے اسپتال کے ممتا سینٹر کا دورہ کیا

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ سول اسپتال میں جاری ممتا پروگرام میں کرپشن اور بدعنوانی کے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ عوامی شکایات پر عوامی للکار ٹیم نے اسپتال کے ممتا سینٹر کا دورہ کیا، جہاں متاثرہ خواتین نے احتجاج کرتے ہوئے ممتا پروگرام کے عملے پر رشوت لینے اور غیر قانونی طور پر پریشان کرنے کے الزامات لگائے (بقیہ نمبر 41)

قصور: وزیر اعلی پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمی بٹ وزیر اعلی نگہبان پیچ کے تحت شہریوں کے گھروں میں جا کر پے آرڈرز تقسیم کر رہی ہیں

چین کی ترقیاتی کامیابیاں دنیا کو فائدہ دے رہی ہیں، پاکستانی سکالر

سید جمال خان نے 2 سال میں متعدد اعلیٰ سطح کے تدریسی مقالے شائع کئے

جنان (شنہوا) پاکستانی دانشور سید جمال خان نے چینی سکالر کے ساتھ مشترکہ طور پر لکھی اپنی تازہ تصنیف ''مشرق سے ہوائیں، کیسے بیلٹ اینڈ روڈ اقدام براعظموں کو منسلک کر کے معاشی مواقع پیدا کر رہا ہے'' میں لکھا ہے کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) کا مقصد ایشیا، یورپ اور افریقہ میں بنیادی شہری سہولیات کی ترقی اور تجارت و سرمایہ کاری کو فروغ دے کر عالمی سطح پر رابطے اور اقتصادی تعاون کو بڑھانا ہے۔ سید جمال خان 2017 (بقیہ نمبر 42)

ضلع کشمور کے داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ

ضلع کشمور پولیس جرائم کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ، جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال ایس ایس پی SSP کشمور زبیر نظیر احمد شیخ * کی ہدایات پر اے ایس پی ASP کشمور محمد عاشر کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے گڈو کے داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ کا عمل انجام دیا۔ چیکنگ کے دوران جدید ٹیکنالوجی اور "تلاش "ایپ کے مؤثر استعمال کے ذریعے 50 سے زائد افراد کو (بقیہ نمبر 43)



مظفر آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق پاور ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن آزاد جموں و کشمیر کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹریفک حادثے میں بیوپاری، ملازم، محنت کش بچہ جاں بحق

پولیس کمیر نے گاڑی قبضہ میں لے لی، ڈرائیور حادثہ کے بعد فرار

ساہیوال (این این آئی) یہاں ٹریفک حادثات میں تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نیو فیصل آباد ساہیوال روڈ پر قطب شہانہ راوی پل کے قریب تاندلیانوالہ کے بیوپاری عبدالمالک اور اس کے ملازم ادریس کی موٹر سائیکل نمبر 9217 ایف ایس جی گہری کھائی میں جا گری۔ دونوں جاں بحق ہو گئے۔ متوفی سحری کے وقت ساہیوال سے تاندلیانوالہ جا رہے تھے کہ حادثہ کا شکار ہو گئے۔ ساہیوال عارفوالا روڈ پر (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے دفاع و ہوابازی خواجہ محمد آصف سے پاکستان میں ایف ڈی آر ایتھوپیا کے خصوصی ایلچی، سفیر غیر معمولی اور مکمل پوٹینشری ڈاکٹر جمال بیکر نے ملاقات کی

ڈپٹی کمشنر چکوال قرۃ العین کا رمضان سہولت بازار دورہ

اشیائے خورد و نوش کی کوالٹی، قیمتوں، صفائی، سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قرۃ العین ملک نے رمضان سہولت بازار چکوال کا دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی کوالٹی، قیمتوں، صفائی، سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی، ڈی او انڈسٹریز عامر رضا، مارکیٹ کمیٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار میں لگائے گئے آٹے، سبزیوں، پھلوں کے سٹالز کا معائنہ کیا اور دیگر اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور معیار کو چیک کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 45)

قاتل کو عمر قید اور پانچ لاکھ جرمانے کی سزا کا حکم

تھانہ صدر چکوال پولیس کی مؤثر تفتیش قتل کے ملزم کو عمر قید 5 لاکھ روپے جرمانہ ہوا

چکوال (این این آئی) قتل کا جرم ثابت ہونے ملزم تاجدار حیدر کو عمر قید اور پانچ لاکھ جرمانے کی سزا کا حکم سنا یا دیا گیا۔ تھانہ صدر چکوال پولیس کی مؤثر تفتیش قتل کے ملزم کو عمر قید 5 لاکھ روپے جرمانہ ہوا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال چودھری محمد طارق جاوید نے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد جرم کا مرتکب پائے جانے والے مجرم تاجدار حیدر کا فیصلہ سنا دیا، ایف آئی آر کے متن کے مطابق مقتول کے بھائی نے تھانہ صدر چکوال پولیس کو درخواست (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سستا رمضان بازار میں چینی غائب، شہری چکر لگا کر نڈھال

چکن سٹال پر مرغی کا گوشت صبح 11 بجے کے بعد ختم جبکہ دیگر بنیادی ضرورت کی کریانہ آئٹم بھی ناپید شہری پریشان

مرد و خواتین چینی کے لیے خوار ہونے لگے 1 سے 2 رمضان کے درمیان چینی کا ٹرک ختم ہونا سمجھ سے بالاتر ہے

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مقامی انتظامیہ کی جانب سے ستا رمضان بازار کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں گورنمنٹ کی جانب سے آٹے اور چینی پر سبسڈی دی گئی تاہم یکم رمضان سے دوسرے روز دن کے ٹائم ہی چینی کا سٹاک ختم ہو گیا اور گزشتہ 3 دن سے مرد و خواتین چینی کے حصول کے لیے ذلیل و خوار ہو رہے ہیں مگر انکو چینی (بقیہ نمبر 47)



ستا رمضان بازار میں چینی سٹال خالی پڑا ہے

3 شراب سپلائر 3 ملزمان گرفتار، 130 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 شراب سپلائر 3 ملزمان گرفتار کر کے 130 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے شراب سپلائر اعجاز کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 12 لیٹر شراب برآمد ہوئی، گنجمنڈی پولیس نے ملزم راحت رفیق کو گرفتار کر کے ملزم سے 5 لیٹر شراب برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے ملزم اورنگزیب کو گرفتار کر کے ملزم سے 50 لیٹر شراب برآمد کر لی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، گوداموں سمیت شہریوں کے کوائف چیک

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، گوداموں سمیت شہریوں کے کوائف کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز تھانہ سٹی، رتہ امرال، پیرودھائی (بقیہ نمبر 48)

10 منشیات فروش گرفتار، 8 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 10 ملزمان گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم کفایت سے 1 کلو 660 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے ملزم بلال سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ملزم ہارون سے 1 کلو 150 گرام چرس، ملزم منیر جہانگیر (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی، صادق آباد پولیس کی کامیاب کارروائی

بائیک لفٹر گرفتار، 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ایس پی راول محمد حسیب راجہ

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے بائیک لفٹر گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بائیک لفٹر منیر احمد کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم سے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزم کے ساتھیوں سہولت کاروں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے۔ ایس پی راول محمد حسیب (بقیہ نمبر 50)

کسٹم کی ویسٹ وہارف پر کارروائی، کروڑوں مالیت کی موبائل فون ضبط

کارروائی میں تین کروڑ روپے مالیت کی 15 ہزار لکوڈ تمباکو فلیور بھی برآمد ہوئے، کسٹم حکام

کسٹمز ایکٹ کے تحت امپورٹر اے بی میمن سنز کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے ترجمان کسٹم

کراچی (این این آئی) کسٹمز انفورسمنٹ اینٹی سمگلنگ آرگنائزیشن نے ویسٹ وہارف کے قریب کارروائی کرتے ہوئے تیس کروڑ چوبیس لاکھ مالیت کے 11 مختلف برانڈز کے 10 ہزار 8 موبائل فون ضبط کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق کسٹم حکام کی جانب سے کارروائی کے دوران کارکولنٹ کی آڑ میں سمگل کروڑوں روپے مالیت کے موبائل فون اور لکوڈ تمباکو فلیور قبضے میں کر لیے گئے۔ اے بی میمن سنز نامی کمپنی نے کارکولنٹ کی آڑ میں ممنوعہ سامان سمگل کیا تھا۔ ترجمان کسٹمز کے مطابق کارکولنٹ کے کانوں میں موبائل فون (بقیہ نمبر 51)

کنیئرڈ کالج برائے خواتین کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ارم انجم شاف میں رمضان بیگ تقسیم کر رہی ہیں

ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز (بقیہ نمبر 52)

کار و موٹر سائیکل سنیچنگ میں ملوث ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

الگ الگ واقعات میں کار لفٹر ہلاک، ایک موٹر سائیکل سنیچر زخمی حالت میں گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چکری اور کینٹ کے علاقوں میں کار و موٹر سائیکل سنیچنگ میں ملوث ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، الگ الگ واقعات میں ایک کار لفٹر ہلاک جبکہ ایک موٹر سائیکل سنیچر زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، آر اے بازار کے علاقے سے چوری شدہ کار اور کینٹ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 53)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس کاروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان فاروق، محمد عباد اور احسن کو گرفتار کر لیا، ملزم فاروق سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم محمد عباد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم احسن سے 18 رونڈ پسٹل 30 بور برآمد ہوئے، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

2 شراب سپلائر گرفتار، 100 بوتل شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے 2 شراب سپلائر گرفتار کر کے 100 بوتل شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 شراب سپلائرز کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 100 بوتل شراب برآمد ہوئی، پولیس نے مشکوک کار کو چیک کیا تو ملزمان سلیمان اور شیراز سے 100 بوتل شراب، پیکنگ کا سامان (سٹیکرز، ڈھکن اور خالی بوتلیں) برآمد ہوئیں، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین حلقہ پی پی 174 کے دورے کے دوران بزرگ شہری سے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا کا تھانہ جاتلی کا دورہ

تھانہ کی بلڈنگ، فرنٹ ڈیسک، حوالات، وی ایس او روم، ریکارڈ و دیگر متعلقہ امور کا جائزہ

تھانہ میں آنیوالے شہریوں کیساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے تھانہ جاتلی کا دورہ کیا، دوران دورہ تھانہ کی بلڈنگ، فرنٹ ڈیسک، حوالات، وی ایس او روم، ریکارڈ اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا اور تھانہ میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے تھانہ جاتلی کا اچانک دورہ کیا، آر پی او نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک، (بقیہ نمبر 54)

ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر 92 گراں فروشوں پکڑے

اشیائے صرف مہنگے داموں بیچنے پر 3 دکانیں سیل، 7 دکانداروں پر مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر 92 گراں فروشوں کو حوالات بھیج دیا۔ ضلعی انتظامیہ اسلام آباد کے مطابق اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 760 کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں میں اشیائے صرف مہنگے داموں بیچنے پر 3 دکانیں سیل کی گئیں جبکہ 7 دکانداروں پر مقدمات درج کیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ گراں فروشوں پر 1 لاکھ 92 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر عرفان میمن نے عملے کو ہدایات جاری کی ہیں کہ شہریوں کو لوٹنے والوں کو کسی صورت معاف نہ کیا جائے۔ اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر 92 گراں فروشوں کو حوالات بھیج دیا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com